ICI PAKISTAN LTD.

# ہمقدم

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ

جلد نمبر ۷ شمارہ نمبر ۱ جنوری تا مارچ ۲۰۱۷

A Part of YBG













# اجتماعی سوداکاری ایجنٹس کے ساتھ معاہدے

## وسائل اور مسائل کے شاندار تجزیے کی بنا پر ہی Win Win صورتحال

کسی بھی کاروباری اور صنعتی ادارے کیلئے یہ ضروری ہے کہ وہاں کام کرنے والے افراد کمپنی کی جناب سے دی گئی سہولیات اور مراعات سے مطمئین ہوں اور وقت کے ساتھ ساتھ ان میں حالات کے مطابق ردو بدل کیا جاسکے۔اسی سارے سلسلے کو پرسکون ماحول میں طے کرنے کیلئے صنعتی کارکنوں کی نمائندہ تنظیم (جس کو وہ خود انتخابات کے ذریعے منتخب کرتے ہیں) کو اجتماعی سودا کاری ایجنٹ کہا جاتا ہے انتظامیہ کو اپنے مطالبات پیش کرتی ہے اور ایک طویل گفت وشنید کے بعد دونوں فریق ایک معاہدے پر متفق ہوجاتے ہیں جو کہ آئندہ دوسالوں کیلئے قابلِ عمل ہوجاتا ہے۔چنانچہ سال 2017-18 کیلئے ہمارے کھیوڑہ پولیئسٹر اور کیمیکلز/ہیڈ آفس کی یونین کے نمائندوں نے اپنے اپنے کارکنان کیلئے مطالبات پیش کیلئے اور متعلقہ انتظامیہ کے ساتھ ساتھ باہمی گفت وشنید کی مجالس کے بعد دونوں فریق ایک متفقہ معاہدے پر رضامند ہوگئے۔درج ذیل میں ان معاہدوں کے بارے میں مختصراً رپورٹ حاضر ہے۔

### سوڈاایش یونین معاہدہ:

ہمیشہ کی طرح سال 2017-18 کے لیے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈاایش بزنس کی منیجمنٹ وریونین کے درمیان تقریباً 3 ماہ کی گفت وشنید کے بعد 31 مارچ 2017ء کو ایک معاہدہ برائے 2017-18 طے پایا اس معاہدے کو سوڈا ایش بزنس کے ایمپلائیز نے بہت ہی گرم جوشی سے سراہا۔ معاہدے کی خاص بات یہ بھی ہے کہ مقامی لوکل کمیونٹی میں موجود دوسرے صنعتی ادارے مثلاً PMDC سالٹ مائن ،ڈنڈوٹ سیمنٹ،غریب وال سیمنٹ اور یہاں کاروباری مارکیٹ سے وابستہ کاروباری برادری بڑی توجہ سے آئی سی آئی میں ہونے والے اِس معاہدے کو دیکھتی ہے۔کھیوڑہ لوکل کمیونٹی میں موجود دیگر ٹریڈ یونینز اور میڈیا نے بھی معاہدے کی بروقت تکمیل کو ایک نہایت ہی احسن اقدام قرار دیا۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں طے پا جانے والے معاہدے کے اثرات اپنے ادارے میں تو نظر آتے ہی ہیں۔لیکن اِس کے ساتھ دیگر صنعتی اداروں کے ایمپلائیز اور لوکل بزنس مارکیٹ میں کاروبارِ زندگی کو دوام ملتا ہے۔

معاہدہ 2017-18 کی گفت وشنید کے دوران فریقین کا طرزِ عمل نہایت ہی ذمہ دارانہ رہا۔سب سے پہلے کمپنی کو دیئے گئے چارٹر آف ڈیمانڈ پر گفت وشنید ہوئی۔سی بی اے یونین نے ادارے کو درپیش مسائل کے حوالے سے کمپنی انتظامیہ کا موقف پوری توجہ کے ساتھ سُنا۔سی بی اے یونین نے کمپنی ایمپلائیز کے مفادات میں بہتری لانے کے لیے خُوب دلائل دیئے۔

''وسائل اور مسائل کے شاندار تجزیے کی بنا پر ہی Win Win صورتحال پیدا ہوئی۔اس دوران سہیل اسلم خان وائس پریزیڈنٹ پولیئسٹر سوڈاایش اور محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈاایش بزنس کھیوڑہ اس پورے عمل میں اپنی ٹیم سے مکمل رابطے میں رہے اور اُن کی مدبرانہ مشاورت نے معاہدے کی بروقت تکمیل میں اہم کردار ادا کیا۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس ایمپلائیز یونین کے جنرل سیکریٹری ملک محمد اجمل نے ایمپلائیز کے فلک شگاف نعروں کے دوران معاہدے کی کامیابی کا اعلان کیا، اپنی ٹیم کی تعریف کی اور باقاعدہ ڈھول بجا کر اپنی خوشی کا اظہار کیا۔صدر سی بی اے شہزاد گل نے کہا کہ اپنے ادارے کی مضبوطی اور تحفظ کیلئے سی بی اے اپنا کردار بخوبی ادا کرتی رہے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ اس ادارے کے ایمپلائیز اپنے ادارے کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش ایمپلائیز یونین اور دیگر ایمپلائیز اس شاندار اور بروقت صنعتی معاہدے کی تکمیل پر کمپنی انتظامیہ،چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ سہیل اسلم خان وائس پریزیڈنٹ پولیئسٹر وسوڈاایش اور محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈاایش بزنس کھیوڑہ کے شکر گزار ہیں اور اُن کو مبارکباد بھی پیش کرتے ہیں۔





## پولیئسٹر یونین معاہدہ:

یونین اور مینجمنٹ کے مابین ہر دو سال بعد ایگریمنٹ ہوتا ہے جس کے تحت آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر ایمپلائز یونین نے مورخہ 02 جنوری 2017 کو اپنا چارٹر آف ڈیمانڈ کمپنی کو جمع کرایا۔ مینجمنٹ نے مذاکرات کے اس عمل کو بخیر وخوبی انجام تک پہنچانے کیلئے مینجمنٹ کی طرف سے ایک مذاکراتی ٹیم تشکیل دی جس نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر ایمپلائز یونین کے ساتھ مل کر ماہ جنوری تا مارچ کے دوران متعدد میٹنگز کیں جن کا دورانیہ بعض اوقات رات گئے تک بھی جاری رہا۔ یونین اور مینجمنٹ کی مشترکہ کوششوں کے نتیجے میں مورخہ 31 مارچ 2017 کو یونین کے ساتھ معاہدہ طے پا گیا۔ مورخہ 11 اپریل 2017 کو ایڈمن مین کانفرنس روم میں یونین مینجمنٹ معاہدے پر دستخط کی تقریب منعقد کی گئی جس میں مینجمنٹ کی تشکیل کردہ ٹیم اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر ایمپلائز یونین کے تمام عہدیداران نے معاہدہ پر دستخط کیے۔ یہ معاہدہ دونوں فریقین کیلئے نہ صرف باعثِ اطمینان ہے بلکہ اسٹاف کو ایک پرسکون ماحول میں کام کرنے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔





## کراچی یونین معاہدہ:

ہیڈ آفس کراچی اور کیمیکلز پلانٹ کی یونین نے بھی اپنی چارٹر آف ڈیمانڈ کمپنی کو پیش کی اور ایک طویل گفت وشنید کے بعد دونوں فریق ۳۱ مارچ ۲۰۱۷ء کو ایک معاہدے پر متفق ہوگئے۔ معاہدے کی جلد تکمیل کی خوشی میں یونین کے تمام ممبران کو فی کس -/18000 روپے کی اضافی رقم ادا کی جائے گی۔ یہ معاہدہ دو سال کی مدت تک قابل عمل رہے گا۔

معاہدے کی رو سے کمپنی کی جانب سے طے شدہ شرائط کے مطابق اسٹاف کی تنخواہوں اور دیگر سہولیات میں اضافہ کی جائیگا جبکہ یونین نے اپنے ممبران کی جانب سے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ صنعتی ماحول کو خوشگوار رکھیں گے اور انتظامیہ اور اسٹاف کے درمیان دوستانہ ماحول کو پروان چڑھائیں گے۔





آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ

# تیسری سہہ ماہی کے مالیاتی نتائج کا اعلان

## پولیئسٹر، لائف سائنسز اور کیمیکلز بزنس کی شاندار کارکردگی

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 31 مارچ کو ختم ہونے والی تیسری سہہ ماہی برائے سال 2016-2017ء کے مالیاتی نتائج کا اعلان کردیا۔ اعلامیہ کے مطابق کمپنی کی مالیاتی کارکردگی کمپنی کے مقاصد اور اہداف کے مطابق نہایت شاندار رہی۔ کمپنی کا غیر مجموعی قبل از ٹیکس منافع گزشتہ 9 ماہ کے دوران 2,396 ملین روپے رہا جوکہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 18 فیصد زیادہ ہے جبکہ فی حصص آمدنی 25.94 روپے رہی جوکہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے 18 فیصد زیادہ ہے۔

اس عرصے کے دوران کمپنی کے آپریٹنگ نتائج 2,997 ملین روپے رہے جو کہ گزشتہ سال کی کی اسی مدت کے مقابلے میں 19 فیصد زیادہ ہیں۔ جس کی بنیادی وجہ پولیئسٹر، لائف سائنسز اور کیمیکلز بزنسز کی شاندار کارکردگی رہی جن کے آپریٹنگ نتائج بالترتیب 53 فیصد، 14 فیصد اور 28 فیصد رہے۔ پولیئسٹر بزنس کی بہتر کارکردگی میں ڈومیسٹک مارجن اور اخراجات میں محتاط رویے نے اہم کردار ادا کیا۔ لائف سائنسز بزنس کے فارماسیوٹیکلز اور اینیمل ہیلتھ ڈویژن نے ڈبل ڈیجٹ اضافہ ظاہر کیا جبکہ کیمیکلز بزنس میں پولی یوریتھنز کا شعبہ اس اضافے میں نمایاں رہا۔

گزشتہ نو ماہ کے دوران خالص ٹرن اوور 30,244 ملین روپے رہا جوکہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے جائزے کے مقابلے میں 11 فیصد زیادہ ہے۔ لائف سائنسز اور کیمیکلز بزنس نے مشترکہ طور پر اس اضافہ میں اپنا کردار ادا کیا جو کہ بالترتیب 22 فیصد اور 21 فیصد ہے، پولیئسٹر بزنس کی آمدنی گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 8 فیصد زیادہ رہی جس کی بنیادی وجہ سیلز میں اضافہ اور چائنیز پی ایس ایف کی امپورٹ پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کے نفاد سے پی ایس ایف کی قیمتوں میں اضافہ رہا۔ سوڈا ایش بزنس میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 1 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا جوکہ ملکی مارکیٹ میں فروخت میں اضافے کی وجہ سے ممکن ہوا۔

تیسری سہہ ماہی کے مالیاتی نتائج اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ کمپنی مسلسل ترقی کررہی ہے اور اپنی ترقی کا یہ سفر مستقبل میں بھی جاری رکھے گی۔ کمپنی نے اپنی مالیاتی کارکردگی پر توجہ مرکوز رکھی ہوئی ہے جس کے ساتھ ساتھ اپنے کسٹمرز اور پارٹنرز کے ساتھ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں کوشاں ہیں۔ اس کے علاوہ نئے کاروباری مواقعوں چاہے وہ موجود بزنسز کی کارکردگی میں کسی بھی قسم کا اضافہ ہو یا نئے بزنسز کا حصول ہو اپنے برانڈ پرامس کلٹیویٹنگ گروتھ (ترقی کیلئے کوشاں) کے عین مطابق ہے تاکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کیلئے کمپنی کی قدرومنزلت میں اضافہ ہوتا رہے۔

# ایمانداری اور کامیابی

پنجاب یونیورسٹی کا ایک پروفیسر صبح کے وقت اس کے کھوکھے سے چائے پیتا تھا وہ بچے کی محنت پر خوش تھا وہ اسے روز کوئی نہ کوئی نئی بات سکھاتا تھا جہانگیر نے ایک دن پروفیسر سے پوچھا "ماسٹر صاحب! کیا میں بھی بڑا آدمی بن سکتا ہوں" پروفیسر نے قہقہہ لگا کر جواب دیا "دنیا کا ہر شخص بڑا آدمی بن سکتا ہے" جہانگیر کا اگلا سوال تھا" کیسے؟"

پروفیسر نے اپنے بیگ سے چاک نکالا جہانگیر کے کھوکے کے پاس پہنچا دائیں سے بائیں تین لکیریں لگائیں پہلی لکیر پر محنت محنت اور محنت لکھا دوسری لکیر پر ایمانداری ایمانداری اور ایمانداری لکھا اور تیسری پر صرف ایک لفظ ہنر (سکل) لکھا۔ جہانگیر پروفیسر کو چپ چاپ دیکھتا رہا پروفیسر یہ لکھنے کے بعد جہانگیر کی طرف مڑا اور بولا ترقی کے تین زینے ہوتے ہیں پہلا زینہ محنت ہے آپ جو بھی ہیں آپ اگر صبح دوپہر اور شام تین اوقات میں محنت کرسکتے ہیں تو آپ تیس فیصد کامیاب ہوجاہیں کے آپ کوئی سا بھی کام شروع کر دیں، آپ کی دکان، فیکٹری، دفتر یا کھوکھا صبح سب سے پہلے کھلنا چاہئے اور رات کو آخر میں بند ہونا چاہیے آپ کامیاب ہوجاہیں گے۔ پروفیسر نے کہا ہمارے گرد موجود نوے فیصد لوگ سست ہیں یہ لوگ محنت نہیں کرتے آپ جوں ہی محنت کرتے ہیں آپ نوے فیصد سست لوگوں کی فہرست سے نکل کر دس فیصد محنتی لوگوں میں آجاتے ہیں آپ ترقی کیلئے اہل لوگوں میں شمار ہونے لگتے ہیں۔ اگلا مرحلہ ایمانداری ہوتی ہے۔ ایمانداری چار عادتوں کا پیکج ہے۔ وعدے کی پابندی۔ جھوٹ سے نفرت۔ زبان پر قائم رہنا اور اپنی غلطی کا اعتراف کرنا۔ آپ محنت کے بعد ایمانداری کو اپنی زندگی کا حصہ بنالو وعدہ کروتو پورا کرو۔ جھوٹ کسی قیمت پر نہ بولو۔ زبان سے اگر ایک بار بات نکل جائے تو آپ اس پر ہمیشہ قائم رہو اور ہمیشہ اپنی غلطی۔ کوتاہی اور خامی کا آگے بڑھ کر اعتراف کرو۔ تم ایماندار ہوجاؤ گے۔ کاروبار میں اس ایمانداری کی شرح 50 فیصد ہوتی ہے۔ آپ پہلا تیس فیصد محنت سے حاصل کرتے ہیں۔ آپ کو دوسری پچاس فیصد ایمانداری دیتی ہے اور پیچھے رہ گیا 20 فیصد تو یہ 20 فیصد ہنر ہوتا ہے۔ آپ کا پروفیشنل ازم آپ کی سکل اور آپ کا ہنر آپ کو باقی 20 فیصد بھی دے دے گا۔ آپ سو فیصد کامیاب ہوجاؤ گے۔ پروفیسر نے جہانگیر کو بتایا۔ "لیکن یہ یادرکھو ہنر پروفیشنل ازم اور سکل کی شرح صرف 20 فیصد ہے اور یہ 20 فیصد بھی آخر میں آتا ہے آپ کے پاس اگر ہنر کی کمی ہے تو بھی آپ محنت اور ایمانداری سے 80 فیصد کامیاب ہوسکتے ہیں لیکن یہ نہیں ہوسکتا آپ بے ایمان اور سست ہوں اور آپ صرف ہنر کے زور پر کامیاب ہوجاہیں۔

آپ کو محنت ہی سے سٹارٹ لینا ہوگا ایمانداری کو اپنا اوڑھنا اور بچھونا بنانا ہوگا آخر میں خود کو ہنرمند ثابت کرنا ہوگا"۔ پروفیسر نے جہانگیر کو بتایا۔ "میں نے دنیا کے بے شمار ہنرمندوں ورفنکاروں کو بھوکے مرتے دیکھا کیوں؟ کیونکہ وہ بے ایمان بھی تھے اور سست بھی اور میں نے دنیا کے بے شمار بے ہنروں کو ذاتی جہاز اڑاتے دیکھا کیوں؟

تم ان تین لکیرون پر چلنا شروع کردو تم آسمان کی بلندیوں کو چھونے لگو گے"۔ جہانگیر نے لمبا سانس لیا اور بولا "میں نے چاک سے بنی ان تین لکیروں کو اپنا مذہب بنالیا اور میں 45 سال کی عمر میں ارب پتی ہوگیا" جہانگیر نے بتایا کہ کھوکھے کی وہ دیوار اور اس دیوار کی وہ تین لکیریں آج بھی میرے دفتر میں میری کرسی کے پیچھے لگی ہیں میں دن میں بیسیوں مرتبہ وہ لکیریں دیکھتا ہوں اور پروفیسر کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔

# اداریہ

**عزیز دوستو!**

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ آپ کا رسالہ ہے جو آپ کو کمپنی کے اندر ہونے والے پروگراموں اور تبدیلیوں سے آگاہ کرتا ہے۔ اس شمارے کی خاص خبروں میں کمپنی کی ترقی کا سفر ہماری تیسری سہہ ماہی کے دوران مالیاتی کارکردگی کھیوڑہ، پولیئسٹر اور کراچی یونینز کے ساتھ کمپنی کے معاہدوں کے بارے میں آپ جان سکیں گے۔

اس کی کامیابی کا سہرا آپ کے اوپر ہے۔ آپ کی رائے، تبصرے اور دلچسپی اس کو مزید کارآمد اور مفید بناسکتی ہے۔ آپ اپنے بزنس میں ہونے والی تبدیلیوں اور پروگراموں سے تو باخبر رہتے ہیں لیکن آپ کو کمپنی کے دیگر بزنسز کے پروگراموں اور تبدیلیوں کے بارے میں صرف یہ رسالہ ہے جو آپ کو آگاہ کرتا ہے۔

ایڈیٹر۔ عبدالغنی
abdul.ghani@ici.com.pk
Tel: 021-32318148, 32314646
Cell: 0300-8238751

ہمقدم ایک سہہ ماہی رسالہ ہے جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف کیلئے شائع کیا جاتا ہے۔ رسالہ میں شامل کسی بھی آرٹیکل کی اشاعت یا استعمال کیلئے اجازت لینا ضروری ہے۔

# بنیادی گھریلو اور صنعتی وائرنگ کورس

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ہمیشہ سے معاشرتی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لیے پیش پیش رہی ہے۔ایسی بہت سی ذمہ داریوں میں سے ایک ذمہ داری کمیونٹی کے نوجوانوں کی صلاحیت کی تعمیر ہے۔آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کے علم وہنر پروگرام کے تحت شیخوپورہ کمیونٹی کے نوجوانوں کے لئے انڈسٹریل وائرمین کورس کا انعقاد کیا۔

یکم فروری 2017 کو ورکس مینجر خالد محمود نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس کے ٹرینگ سینٹر میں 6 ماہ دورانیہ کے دوسرے صنعتی وائرمین کورس کا افتتاح کیا۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس کی سی۔ایس۔آر ٹیم نے بڑے جوش وجذبہ کے ساتھ شرکت کی۔تیسرے سیشن کے پاس آؤٹ کو بھی اسناد اور تحائف وصول کرنے کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔سابق طالب علموں نے اپنے اپنے تجربات کا اظہار کیا اور نئے طالب علموں کو لگن کے ساتھ اس کورس میں شریک ہونے کی ترغیب دی۔



























# لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی لاہور میں نمائش

ماہ مارچ میں دنیا بھر میں خواتین کا عالمی دن منایا جاتا ہے اور خواتین کے حقوق کیلئے کام کرنے والے ادارے اس دن کی مناسبت سے مختلف تقریبات کا اہتمام کرتے ہیں۔

پاکستان میں نمک کی کانوں کے حوالے سے کھیوڑہ بہت مشہور ہے۔ یہ دنیا کی دوسری بڑی سالٹ رینج ہے جو جہلم کے قریب پائی جاتی ہے، کھیوڑہ ایک دور دراز اور پسماندہ علاقہ ہے جہاں تعلیم اور روزگار کے مواقع بہت زیادہ میئسر نہیں ہیں۔ اسی علاقے میں پاکستان کے ایک بڑے ادارے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے علاقے کی خواتین کیلئے لیڈیز ویلفیئر سینٹر قائم کیا گیا ہے جہاں علاقے کی بچیاں اور خواتین سلائی کڑھائی اور دیگر فنون سیکھ رہی ہیں۔ خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے اس لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی جانب سے لاہور میں نمائش کا اہتمام کیا گیا جس میں ان اسٹوڈنٹس کی بنائی ہوئی نہایت اعلیٰ معیار کی مختلف چیزیں رکھی گئیں تھیں۔

نمائش سے پہلے طالبات کو ان کے کورس کے اختتام پر اسناد پیش کی گئیں جو کہ ڈومیسٹک ٹیلرنگ اور فیشن ڈیزائن اور پروفیشنل کوکنگ کورسسز کے تکمیل پر دی گئیں۔

اس موقع پر سینٹر کی طالبات کا کہنا تھا کہ آج ہماری بنائی ہوئی چیزوں کو دیکھنے جو لوگ آرہے ہیں اس سے ہم کو بہت خوشی اور فخر محسوس ہو رہا ہے۔ ہمارے لئے یہ بڑے اعزاز کی بات ہے کہ ہم لاہور میں اپنی بنائی ہوئی چیزوں کی نمائش کر رہے ہیں۔

اس موقع پر لیڈیز ویلفیئر سینٹر کی سینئر ٹیچر نے کہا کہ میں نے اس سینٹر سے یہ ہنر سیکھے ہیں اور اب 26 سال سے یہاں پڑھا رہی ہوں۔ میرے پاس سے تقریباً 600 سے زائد طالبات پڑھ کر جا چکی ہیں۔ جو ہنر میں نے اس سینٹر سے سیکھا ہے اس سے میری خاندان میں بہت اہمیت بڑھ گئی ہے اور میں اپنے شوہر کا بھی ہاتھ بٹاتی ہوں۔

تقریب کی مہمانِ خصوصی مسز مہناز مشتاق نے کہا کہ ہمیشہ کی طرح لیڈیز ویلفیئر سینٹر کے اسٹوڈنٹس کی بنائی ہوئی اشیاء کو دیکھ کر مجھے بے حد خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ ہم کھیوڑہ میں ہر سال ان اشیاء کی نمائش کرتے ہیں لیکن آج لاہور میں اس نمائش کا انعقاد اور طالبات کو اسناد کی تقسیم ان کے اعتماد میں اضافہ اور حوصلہ افزائی کا باعث ہوگی۔ مجھے اس بات پر فخر ہے کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کھیوڑہ کمیونٹی کی بچیوں اور خواتین کی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہا ہے۔ حال ہی میں قائم ہمقدم کمیونٹی کلینک کا قیام اور ایمبولینس کا عطیہ اس کی مثال ہیں۔



اس سے قبل سینٹر کی انچارج مسز ثمرین خواجہ نے شرکاء کو سینٹر کے قیام اور اس کی کارکردگی کے بارے میں مختصراً بتایا۔ انہوں نے مہمانِ خصوصی مسز مہناز عمر مشتاق کو سینٹر کی جانب سے یادگاری تحفہ بھی پیش کیا۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے فاطمہ زبیری جنرل منیجر ایچ آر نے کہا کہ ہم خواتین کی بہتری کیلئے کام کرتے رہیں گے اور خاص طور سے کھیوڑہ کی خواتین کیلئے تا کہ وہ اپنے اندر اعتماد پیدا کر سکیں اور مناسب روزگار کا حصول بھی ان کیلئے آسان ہو جائے۔























# موسمِ بہار کی شجر کاری مہم

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ ہر سال تواتر سے شجر کاری مہم بڑے ہی اہتمام کے ساتھ منعقد کرتی ہے۔ اس شجر کاری مہم کے دوران فیکٹری ایریا کے علاوہ کمپنی اپنی لوکل کمیونٹی کو سرسبز وشاداب کرنے کے لیے خصوصی توجہ دیتی ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کے ہیلتھ سیفٹی اینڈ انوائرنمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے اس سال بھی شجر کاری مہم 2017 کا آغاز بڑے جوش وجذبے سے کیا۔

اس مہم کے پہلے مرحلے کا آغاز، وائس پریزیڈنٹ سہیل اسلم خان، ورکس منیجر عمر مشتاق اور سیفٹی منیجر سعید اقبال نے ملکر پودا لگایا جس میں انکے ہمراہ تمام ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان بھی شامل تھے۔ اس موقع پر وائس پریزیڈنٹ سہیل اسلم خان اور ورکس منیجر عمر مشتاق نے اس شجر کاری مہم کو مسلسل جاری رکھنے پر سراہا۔ اسکے ساتھ ساتھ سیفٹی منیجر سعید اقبال اور آئی آر آفیسر برکات حسین نے لوکل کمیونٹی میں جا کر چیئرمین بلدیہ ملک فیصل کے ساتھ ملکر پودے لگائے اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کمپنی کھیوڑہ علاقے کے ماحول کو بہتر بنانے کے لیے ہر وقت سرگرم عمل ہے۔ انھوں نے بلدیہ آفس، سول ہسپتال اور پولیس چوکی کے علاوہ کمیونٹی کے بوائز سکولوں اور گرلز اسکولوں میں جا کر پودے لگائے اور اس موقع پر اس بات کا بچوں سے تجدید عہد لیا کہ وہ ان پودوں کی حفاظت کریں گئے۔

اسکے دوسرے مرحلے میں سیفٹی منیجر سعید اقبال، لیبارٹری منیجر امجد لطیف، سیفٹی آفیسر مصدق حسنین مرزا اور ڈسٹرکٹ انوائرمنٹ آفیسر مقصود ربانی بٹ نے ورکس ایریا میں پودا لگایا اور اسکے بعد اس مہم کو مزید توسیع دیتے ہوئے آفس ایریا، میگزین ایریا، لائم سٹون بیڈ ایریا، میں پودے لگائے اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے پودوں اور درختوں کی خوبصورتی اور ماحول دوست پالیسیوں کو سراہا اور اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔ اس دن کے موقع پر سعید اقبال سیفٹی منیجر نے یہ پیغام دیا کہ ہم اپنے اردگرد کے ماحول کو بہتر اور سرسبز شاداب بنانا چاہتے ہیں۔ اور درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے۔

ڈسٹرکٹ انوائرمنٹ آفیسر مقصود ربانی بٹ نے پراجیکٹ گرین کا تفصیلی دورہ کیا اور گزشتہ تین دھائیوں سے لگے اس جنگل کے تن آور درختوں کو دیکھ کر بہت تعریف کی اور امسال اور گزشتہ سال کے لگائے گئے پودوں کی افزائش کا خود معائنہ کیا اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کی ماحول کی حفاظت کیلئے اقدامات کو سراہا۔





# سرسبز کھیوڑہ شجر کاری مہم

اس سال کھیوڑہ کمیونٹی میں میونسپل کمیٹی کھیوڑہ کے چیئرمین ملک فیصل عباس اور وائس چیئرمین ملک شوکت حیات نے ''سرسبز کھیوڑہ'' کے نام سے ایک شاندار مہم کا آغاز کیا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ نے لوکل کمیونٹی کے لیے اس اچھے اقدام کا بھرپور ساتھ دیتے ہوئے چیئرمین اور وائس چیئرمین کو ساتھ لیکر مندرجہ ذیل اداروں میں پودے مہیا کیے۔

1۔ دفتر میونسپل کمیٹی کھیوڑہ
2۔ گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کھیوڑہ
3۔ گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کھیوڑہ
4۔ MC گرلز ہائی سیکنڈری اسکول کھیوڑہ
5۔ گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول کھیوڑہ
6۔ گورنمنٹ ہسپتال کھیوڑہ
7۔ پولیس چوکی کھیوڑہ

شجر کاری مہم کے دوران تمام اداروں کے سربراہان، طلباء اور ملازمین نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کی ٹیم، چیئرمین، وائس چیئرمین میونسپل کمیٹی کھیوڑہ کا شاندار استقبال کیا اور ہمارے ادارے کے شجر کاری کے حوالے سے اَحسن عمل کو خراجِ تحسین پیش کیا۔

شجر کاری ................ ہماری ذاتی ذمہ داری

شجر کاری ......... فطرت سے قربت بھی، فائدہ بھی، عبادت بھی

















صاف ستھرا کھیوڑہ پروگرام

# ڈسٹ بن کا عطیہ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ جہاں بھی بزنس کرتی ہے وہاں ورکس کے اندر اور اپنی لوکل کمیونٹی میں ماحول کی بہتری کے لیے ہر وقت مصروف رہتی ہے۔ اداروں میں صفائی کے نظام کی بہتری کے لیے پہلے گورنمنٹ کالج پنڈ دادن خان اور البیرونی گورنمنٹ بوائز کالج پنڈ دادن خان کو ڈسٹ بِن دیئے گئے۔ کھیوڑہ کمیٹی میں میونسپل کمیٹی کھیوڑہ کے چیئرمین ملک فیصل عباس اور وائس چیئرمین ملک شوکت نے "صاف ستھرا کھیوڑہ" پروگرام کے تحت ماحول کی بہتری اور علاقہ کی صفائی کے لیے شاندار قدم اُٹھایا۔ اس موقع پر ہماری کمپنی نے لوکل کمیونٹی کے لیے میونسپل کمیٹی کے چیئرمین وائس چیئرمین کو ڈسٹ بِن مہیّا کیے۔ جو کہ میونسپل کمیٹی کی جانب سے شہر میں مناسب جگہ پر لگائے جائیں گے۔

چیئرمین / وائس چیئرمین اور میونسپل کمیٹی کے دوسرے ممبران نے ڈسٹ بِن وصول کرتے ہوئے کہا۔ کہ ''اِن ڈسٹ بِن کی تنصیب سے کھیوڑہ شہر میں صفائی کے مسئلے کو حل کرنے میں کافی مدد ملے گی۔ ہم سب آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کے اَحسن اور بروقت اقدام پر اُن کے شکر گزار ہیں''۔



# سیفٹی سب سے پہلے

## سیفٹی کے سنگ، زندگی خوش رنگ

دنیا بھر میں روڈ سیفٹی کو اس لئے اہمیت دی جاتی ہے کہ زیادہ تر حادثات کا تعلق گاڑیوں سے ہوتا ہے۔


کیمیکلز بزنس نے ماہ مارچ کو روڈ اور ٹریول سیفٹی سے متعلق اجلاسوں کیلئے وقف کردیا جس کے تحت محتاط ڈرائیونگ کی تربیت کا اہتمام کیا گیا اور روڈ سیفٹی سے متعلق یہ تربیتی اجلاس ہمارے لاہور اور کراچی دفاتر میں منعقد ہوئے۔ کراچی میں اس کا آغاز بزنس ایچ آر منیجر اور ان کی ٹیم سے ہوا۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں روڈ سیفٹی کا نہایت سنجیدگی سے خیال رکھا جاتا ہے کیونکہ ٹریفک کے حادثات سے ایک فرد کی ذاتی زندگی کا ہی نہیں بلکہ پوری فیملی اور معاشرہ کا نقصان بھی ہوتا ہے۔

اچھی اور محتاط ڈرائیونگ کی تربیت کا مقصد شرکاء کو مناسب طریقے سے سمجھانا تھا کہ وہ ڈرائیونگ کرتے وقت ٹریفک کے کے بارے میں ہدایات کی پابندی کریں اور بہتر فیصلہ کرسکیں۔ اس لئے ہم نے ٹیموں کی صورت میں اپنے ملازمین کو موٹر سائیکل اور کار چلانے کے بارے میں حفاظتی اقدامات پر مبنی مشورے اور تربیت کے ذریعہ اضافی تربیت فراہم کی۔ اس سلسلے میں کئی طرح کی نظری اور عملی سرگرمیاں منعقد کی گئیں جن میں ملازمین کو سڑک پر تحفظ سے متعلق امور سکھانے کیلئے کوئز، تربیت کی جانچ، تربیت کا جائزہ، ڈرائیونگ کی جانچ کا پروفائل وغیرہ کو شامل کیا گیا تھا۔

سڑکوں پر ڈرائیوروں کو کئی طرح کے عوامل کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو ان کی ڈرائیونگ کیلئے مشکلات کا سبب ہوتے ہیں۔ اگرچہ ان میں سے اکثر تو ڈرائیور کے اختیار میں نہیں ہوتے البتہ اگر ڈرائیور یہ جانتا ہو کہ کن عوامل پر نظر رکھنی ہے اور ان سے کیسے نمٹنا ہے تو وہ نفسیاتی قسم کے عوامل پر قابو پا سکتا ہے۔

محتاط ڈرائیونگ کورسز کا مقصد اس بات پر فوکس کرنا تھا کہ ڈرائیور کو کس طرح کے منفی نفسیاتی عوامل، جیسے غیر ضروری ذہنی دباؤ، تھکن، شدید جذباتی کیفیت اور سڑک پر گاڑیوں کا بے ہنگم رش شامل ہیں کا سامنا کرنا پڑتا ہے لہٰذا ان کو گاڑی چلاتے وقت مثبت روّیہ اختیار کرنا چاہیے اور ان کو پوری توجہ ڈرئیونگ پر مرکوز رکھنی




چاہیے۔ تربیتی کورس کو سوچ سمجھ کے ساتھ تمام اہم عوامل کو ذہن میں رکھ کر ترتیب دیا گیا تھا۔

محتاط ڈرائیونگ آپ کے خاندان کیلئے تحفظ میں مدد دیتی ہے۔ آپ دوسرے ڈرائیوروں کی حرکات پر قابو نہیں رکھتے تاہم محتاط ڈرائیونگ کی صلاحیت سے آپ دوسرے لوگوں کی بری ڈرائیونگ کی وجہ سے پیش آنے والے خطرات سے بچ سکتے ہیں۔



# اقوالِ زریں

**شمروز خان** ڈرائیور ہیڈ آفس

- ماں سے محبت کرو کیونکہ ماں کی پریشانی دیکھ کر اللہ پاک نے صفا و مروہ کو حج کا رکن بنا دیا۔
- روپیہ جتنا بھی گر جائے مگر اتنا کبھی نہیں گرے گا جتنا روپے کیلئے انسان گر چکا ہے۔
- اپنی زندگی میں ایسے لوگوں کو شامل کرو جو کبھی آئینہ اور کبھی سایہ بن کر ساتھ رہیں۔ کیونکہ آئینہ کبھی جھوٹ نہیں بولتا اور سایہ کبھی ساتھ نہیں چھوڑتا۔
- معافی مانگنے سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ ہم غلط اور وہ صحیح ہیں معافی کا اصل مطلب یہ ہے کہ ہم میں رشتہ نبھانے کی قابلیت اُن سے زیادہ ہے۔
- اعمال بغیر اخلاص کے ایسے ہی ہیں جیسے بغیر ایڈریس کے لکھا گیا خط جو اپنی مطلوبہ منزل تک نہیں پہنچ سکتا۔
- انا اور خودداری بہت اچھی چیز ہے لیکن بلاوجہ کی انا اکثر تنہا کر دیتی ہے۔
- زندگی میں اپنا پن تو ہر کوئی دکھاتا ہے پر اپنا ہے کون، یہ وقت ہی بتاتا ہے۔

آسمان پر اڑتے ہوئے پرندے سے کسی نے پوچھا!

''کیا تمھیں زمین پر گرنے کا ڈر نہیں'' اس نے مسکرا کر جواب دیا۔

میں انسان نہیں جو ذرا سی بلندی پر جا کر اکڑ جاؤں، نظریں میری زمین پر ہی ہوتی ہیں''۔

ملے خاک میں اہلِ شاں کیسے کیسے
مکیں ہو گئے لامکاں کیسے کیسے

ہوئے نامور بے نشاں کیسے کیسے
زمیں کھا گئی آسماں کیسے کیسے

جگہ جی لگانے کی دنیا نہیں ہے
یہ عبرت کی جا ہے تماشہ نہیں ہے

لوگ ہمارے پیچھے تین بنیادی وجہ سے بات کرتے ہیں۔

1- جب وہ ہمارے لیول تک نہیں پہنچ سکتے۔

2- جب وہ کچھ حاصل نہیں کر پاتے جو ہمیں حاصل ہو چکا ہوتا ہے۔

3- جب وہ ہماری طرح بننا چاہتے لیکن بن نہیں سکتے۔

## خون گروپس کے بارے میں ایک نئی ریسرچ

| | |
|---|---|
| A+ | قائدانہ صلاحیت رکھنے والے |
| A- | محنت کش |
| B+ | دوسروں کے لیے قربانی دینے والے |
| B- | خودغرض اور مطلب پرست |
| O+ | ہر ایک کے کام آنے والے |
| O- | تنگ نظر |
| AB+ | بڑی مشکل سے سمجھ آنے والے |
| AB- | شاعر اور ذہین |

آپ کا بلڈ گروپ کیا ہے...........؟

بشکریہ = ہیلتھ ٹیلی ویژن

# ارگونامکس (Ergonomics) پر تربیتی ورکشاپ





آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش میں کلوز سرکٹ مانیٹرنگ روم میں جو لوگ کام کرتے ہیں انکو ہر وقت الرٹ بیٹھنا ہوتا ہے تا کہ پلانٹ بنا کسی رکاوٹ کے صحیح چلے اور کمپنی اپنے اہداف پورے کرے جس کیلئے رفقائے کار کو اس لحاظ سے Ergonomics کے اصولوں یعنی مشینوں اور کام کرنے کے ماحول کے بارے جاننا ضروری ہے اس سلسلہ میں ماہ فروری میں ڈاکٹر راشد خان نے پروڈکشن ڈیپارٹمنٹ کے مشورے پر ایک تربیتی ورکشاپ کا اہتمام ٹریننگ سنٹر میں کیا جس میں پلانٹ کے رفقائے کار نے بھر پور حصہ لیا۔ اس تربیتی ورکشاپ میں ڈاکٹر راشد خان نے تمام رفقائے کار کو کلوز سرکٹ مانیٹرنگ روم میں کام کے دوران کمر، ٹانگوں، ہاتھ کی پوزیشن اور کمپیوٹر سکرین سے آپریٹر کا زاویہ کس طرح کا ہونا چاہیے کی وضاحت کی اور ساتھ ہی ساتھ عملی مثالیں بھی دیں جس سے رفقائے کار کے علم میں اضافہ ہوا۔ اس کورس میں ڈاکٹر راشد خان نے رفقائے کار کو یہ بھی آگاہی دی کی اگر ہم اپنے بیٹھنے کے عادت کو صحیح کر لیں تو کمر کے درد یا ریڑھ کی ہڈی کے کئی مسائل سے بچ سکتے ہیں۔ اس تربیتی نشت میں مختلف سلائیڈز اور ویڈیو کلپ کی مدد سے بھی رفقائے کار کو آگاہی دی گئی۔

سیشن کے اختتام پر رفقائے کار نے ڈاکٹر راشد خان سے سوالات کیے اور ان کو تسلی بخش جوابات ملے۔ جس پر شرکاء نے اس بات کا عہد کیا کہ آئندہ ہم ان ہدایات کو مدنظر رکھیں گے۔ آخر میں سیفٹی منیجر سعید اقبال، پاور سروسز اسسٹنٹ منیجر رانا محمد اسلم، اور تمام رفقائے کار نے ڈاکٹر راشد خان کا شکریہ ادا کیا۔

# نئے آپرینٹسز (الیکٹریکل، مکینکل) کی سیفٹی ٹریننگ





آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش پلانٹ پر کام کرنے سے پہلے ہر کارکن کے لئے پلانٹ سیفٹی کے اصولوں کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔ اس حوالے سے اس سال بھرتی کئے گئے نئے آپرینٹسز کو ایک ہفتے کے لئے اس عمل سے گزارا گیا تا کہ وہ کام کے دوران حفاظتی طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے اپنے رفقائے کار کے ساتھ ایک محفوظ طرزِ عمل کے ساتھ کام کریں اور کسی حادثے کی صورت میں مناسب ردِ عمل اور احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ ایک ہفتہ کے سیفٹی پروگرام میں خصوصی طور پر ایمرجنسی ریسپانس، فرسٹ ایڈ، آگ سے بچاؤ، ذاتی حفاظتی آلات کا استعمال کو شامل کیا گیا۔

ٹریننگ آفیسر راجہ غلام اکبر، سیفٹی آفیسر مصدق حسنین اور سیفٹی منیجر سعید اقبال نے مختلف موضوعات پر اپرنٹسز کو آگاہی دی اور انہیں اس عہد کے ساتھ پلانٹ پر جانے کی تلقین کی کہ وہ سیفٹی کے ساتھ اپنی وابستگی کا عملی مظاہرہ کریں گئے۔ اسکے ساتھ ساتھ نئے آپرینٹسز کو الیکٹریکل آفیسر محمد شفیق اور مکینکل آفیسر اورنگزیب نے بھی ٹریننگ سنٹر میں آ کر کام کے دوران سیفٹی کی اہمیت اجاگر کی۔

سوڈا ایش

ایچ ایس ای ڈیپارٹمنٹ

# ذاتی حفاظتی آلات اور بہت زیادہ شور سے آگاہی مہم

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کا ایچ ایس ای ڈیپارٹمنٹ ہمہ وقت سیفٹی سے متعلقہ مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل پر توجہ دلانے پر کاربند رہتا ہے۔اس سلسلہ میں سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے پچھلے سال کی طرح اس سال بھی ایک اور توجہ دلاؤ مہم کا آغاز کیا جو کہ پلانٹ پر کام کے دوران ذاتی حفاظتی آلات کے استعمال کی اہمیت اور بہت زیادہ شور کا اعصاب کے لیے خطرے سے متعلق تھی ٹیم سے مشاورت کے بعد اس کی تشہیر اور ٹریننگ سیشن کا اہتمام کیا گیا۔اس ٹریننگ سیشن میں سیفٹی مینجر سعید اقبال نے ذاتی حفاظتی آلات کی اہمیت اور صحیح استعمال سے متعلقہ روشنی ڈالی اور تمام رفقائے کار کو ایک خوبصورت پیغام (LOVE YOUR PPES) کے نام سے دیا اسکے ساتھ ساتھ سیفٹی مینجر نے لوگوں کو پلانٹ پر بہت زیادہ شور (HIGH NOISE AREA) والے ایریاز کے بارے میں آگاہی دی اور صحیح ایئر پلگ لگانے کی ہدایت کی تا کہ شور سے محفوظ رہا جا سکے جو کہ کئی مسائل کا باعث بنتا ہے اور انسانی صحت کیلئے ایک بہت بڑا خطرہ ہے۔بہت زیادہ شور High Noise ایریا کے کسٹوڈین مینجر سعید انور نے ذاتی دلچسپی کے ساتھ شور سے متعلق تفصیلی دستاویز مرتب کی Noise Dossier اور اسکی مناسبت سے ایکشن پلان ترتیب دیا اور ٹریننگ سنٹر میں آ کر رفقائے کار کو اسکی آگاہی دی۔

ورکس مینجر محمد عمر مشتاق نے بھی اس مہم کی اہمیت پر زور دیا اور اس پر عمل درآمد کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

ایچ ایس ای ڈیپارٹمنٹ نے اس مہم کے سلسلہ کو مزید بڑھاتے ہوئے پلانٹ ایریا اور پراجیکٹ ایریا میں شور اور ذاتی حفاظتی آلات کے استعمال اور ان کی اہمیت کے بارے میں تشہیری مہم بھی چلائی جس میں پینا فلیکس اور سٹکر لگا کر رفقائے کار کو آگاہی دی اور اپنا پیغام دیا۔



# سوڈا ایش سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز میٹنگ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش پلانٹ پر سیفٹی میں بہتری کے لیے عرصہ دراز سے ٹیم ورک کے اصولوں پر کام ہو رہا ہے۔اس سے تمام رفقائے کار میں ہم آہنگی پیدا ہوتی ہے سوڈا ایش پلانٹ پر 6 ٹیمیں ہیں جو سیفٹی امپرومنٹ کے لیے ایک دوسرے سے آگے نکلنے میں مصروف عمل ہیں یہ ٹیمیں اپنی خود احتسابی کر کے اپنے ایریا کو بہتر سے بہتر بنا کر اسکا تذکرہ مشترکہ میٹنگ میں کرتی ہیں۔

اس مرتبہ سال کے پہلے ماہ تمام سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز کی مشترکہ میٹنگ ہوئی جس میں تمام ٹیم لیڈر نے شرکت کی۔اس میٹنگ کے مہمان خصوصی ورکس مینجر محمد عمر مشتاق تھے اس میٹنگ میں سیفٹی مینجر سعید اقبال نے تمام ٹیمز ممبران سے یہ عہد لیا کہ پچھلے سال 2016 کی طرح آئندہ سال بھی ہم باقاعدگی کے ساتھ سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز میٹنگ کو جاری رکھیں گے۔

اسکے بعد پاور سروسز مینجر سعید انور نے تمام ٹیمز کی پرفارمنس پر اپنا اظہار خیال کیا اور سب کو سیفٹی کے اصولوں پر عمل کرنے پر مبارک دی میٹنگ کے اختتام پر مہمان خصوصی ورکس مینجر محمد عمر مشتاق نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے تمام SIT Teams کی




کارکردگی کو سراہا اور سب سے اس بات کا عہد لیا کہ ہم سوڈا ایش ورکس، پراجیکٹ پر سیفٹی کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے سال 2017 کو انجری فری بنائیں گے۔



البیرونی کالج پنڈ دادن خان

# طلبہ کیلئے ابتدائی طبی امداد کی تربیت

## آج ہم نے اپنی تعلیم کے علاوہ دوسروں کیلئے خدمت کرنے کا جذبہ سیکھا۔(طلبہ)




آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کی انتظامیہ اپنے ایمپلائز کے علاوہ فیکٹری ایریا سے باہر کھیوڑہ کمیونٹی میں بھی لوگوں کو فرسٹ ایڈ ٹریننگ کا عزم رکھتی ہے اس حوالے سے ونگٹن ہسپتال کے میڈیکل سپریڈنٹ ڈاکٹر محمد راشد خان نے علاقہ بھر میں ابتدائی طبی امداد کی تربیتی نشستیں منعقد کرنے کے پروگرام تشکیل دیے ہیں۔اس مرتبہ تربیتی نشست البیرونی کالج پنڈ دادنخان میں تیسرے اور چوتھے سال کے اسٹوڈنٹ کے لئے منعقد کی گئی۔

ڈاکٹر محمد راشد خان اور چوہدری برکات احمد ایڈمن آفیسر اپنی ٹیم کے ہمراہ جب البیرونی کالج پنڈ دادنخان پہنچے تو کالج کے پرنسپل اور پروفیسر صاحبان اور اسٹوڈنٹ نے بڑی گرم جوشی سے اِنکا استقبال کیا۔البیرونی کالج کے ہال میں تقریباً300 سٹوڈنٹ موجود تھے۔جن میں لڑکوں کے علاوہ لڑکیوں نے بھی شرکت کی۔ اور فرسٹ ایڈ ٹریننگ میں بہت زیادہ دلچسپی لی۔


ڈاکٹر محمد راشد خان نے فرسٹ ایڈ ٹریننگ کے بارے میں بڑی تفصیل سے اسٹوڈنٹ کو بتایا کہ فرسٹ ایڈ کتنی ضروری ہے۔اسکا مقصد کیا ہے اگر فرسٹ ایڈ بر وقت مریض کو مل جائے تو95% مریض کو بچایا جاسکتا ہے۔CPR کیا ہے۔اگر کسی مریض کا سانس اور نبض بند ہو تو اسکے لیے سی پی آر کیا جاتا ہے۔سی پی آر سے مراد (Cardio Polmonary Resusitation) یعنی دل اور پھیپھڑوں کو مضبوطی سے بحال کرنا۔فرسٹ ایڈر کیلئے ضروری ہے کہ کام شروع کرنے سے پہلے اردگرد کے خطرات کو جانچے اس کے علاوہ مریض کو آواز دینا، ہلا کر ردِعمل چیک کرنا، ایمرجنسی کو کال کرنا، بے ہوش آدمی کو کبھی بھی مردہ نہ سمجھنا جب تک کے کوئی ڈاکٹر مریض کو چیک نہ کرلے۔انھوں نے بچوں کو پریکٹیکل کرایا کہ بے ہوش آدمی کو کسی دوسری جگہ شفٹ کرنا ہے اور آپ کے پاس اسٹریچر نہیں ہے تو دو آدمی سٹریچر کیسے بنائیں۔اگر خون بہہ رہا ہے تو اِسکو فوراً کسی کپڑے یا پٹی سے باندھ کر بند کریں۔اگر مریض کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے تو اس مریض کو کیسے اُٹھانا ہے۔ڈاکٹر کے آنے تک مریض کو اکیلے نہ چھوڑیں ایمبولینس کا ارینج کرنا۔مریض کو ہسپتال شفٹ کرنا وغیرہ کے بارے میں بہت تفصیل سے بچوں کو بتایا۔بچوں نے بھی ڈاکٹر صاحب سے بہت سوال کیے۔ڈاکٹر صاحب نے سوالوں کے جواب دے کر بچوں کو مطمئن کیا۔

ٹریننگ میں سابقہ سیفٹی و ٹریننگ آفیسر صفدر کامران کو بھی دعوت دی گئی تھی۔انھوں نے بھی اس پروگرام میں شرکت کی۔آخر میں البیرونی کالج کے پرنسپل نزہت رانجھا نے ڈاکٹر محمد راشد خان، چوہدری برکات احمد، ورکس منیجر محمد عمر مشتاق، ایچ آر منیجر رضوان عزیز، IR منیجر سلیم احمد صدیقی کا شکریہ ادا کیا۔اس سے پہلے بھی آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش کی انتظامیہ البیرونی کالج کا ہر طرح کا خیال رکھتی رہی ہے تھوڑا ہی عرصہ پہلے کمپنی کی جانب سے کالج میں UPS سسٹم بھی لگا کر دیا۔

اسٹوڈنٹس نے اس تربیتی نشست کو بے حد سراہا اور ڈاکٹر محمد راشد خان کو دوبارہ اس طرح کے پروگرام کے لیے بہت زیادہ اصرار کیا۔ان کا کہنا تھا کہ جو کچھ آج ہم نے سیکھا ہے وہ اپنی تعلیم کے علاوہ دوسروں کے لیے خدمت کرنے کا جذبہ ہے۔کسی کی زندگی بچانا کتنا اہم ہے، ہم اس کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کی انتظامیہ کے مشکور ہیں جنھوں نے ہمارے لیے اور علاقے کے بھر کے لیے فرسٹ ایڈ کا پروگرام ترتیب دیا۔اللہ تعالیٰ اس ادارے کو ہمیشہ قائم ودائم رکھے۔(آمین)

فرسٹ ایڈ کا نعرہ:

فرسٹ ایڈ اسکوچن     جس میں ہو یہ چار رنگ
آنکھ ہو باز کی     دل ہو شیر کا
ذہن افلاطون کا     ہاتھ ہو خاتون کا



سپلائی چین ڈیپارٹمنٹ

# ٹیم بلڈنگ سرگرمیاں





آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کے سپلائی چین منیجر چوہدری ابرارالحق باجوہ نے اپنی ٹیم کیلئے تربیتی نشست کا اہتمام کیا جس کا مقصد یہ تھا کہ پوری ٹیم کے لوگ ایک دوسرے کے قریب ہوں، مِل جُل کر کام کریں اور اپنے مفید مشوروں سے ایک دوسرے کو آگاہ کریں تا کہ بہتر سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر سکیں۔اس حوالے سے تمام شرکاء کو 2 ٹیموں میں تقسیم کردیا گیا اور ان کے لئے 10 سے زائد مختلف ٹیم بلڈنگ گیمز ترتیب دیئے گئے۔ یہ تمام چیزیں اِن ٹیم بلڈنگ سرگرمیوں میں دیکھی گئی۔ ہر ٹیم ممبر کا ایک دوسرے پر اعتماد بڑھا سب نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔اور یہ ہی اس پروگرام کا مقصد تھا کہ آئندہ آفس کے اندر ایک ایسا ماحول پیدا ہو جس سے ٹیم کے اندر کچھ کرنے، آگے بڑھنے کی جستجو اور اپنے کام کو دلچسپی سے اچھا کرنے کا جنون پیدا ہو۔

اس سارے پروگرام کو ترتیب سپلائی چین کے۔سی۔ٹی۔او آفتاب احمد نے دیا۔ٹیم کا قیام ایبٹ آباد شوگراں کے مقام پر واقع پائن پارک ہوٹل میں کیا گیا۔ہوٹل کے مشرقی ایریا میں موجود پہاڑوں کی Traking بھی کی گئی۔اس دوران برف باری کا نظارہ بھی دیکھنے کو ملا۔پوری ٹیم بہت خوش ہوئی اور اس ٹور کو انتہائی یادگار تفریحی دورے کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔











# الکلی اسپورٹس کلب الیکشن

رپورٹ: ملک محمد امیر





آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کی ایمپلا ئیز یونین نے اپنے ورکرز سے وعدہ کیا تھا کہ ہم سب سے پہلے ورکس کینٹین کوآپریٹیو اسٹور اور الکلی اسپورٹس کلب کے الیکشن کرائیں گے۔ یہ ذمہ داری انھوں نے الیکشن کمیشن کو سونپی تھی۔ الیکشن کمیشن نے شیڈول کے مطابق پہلے کینٹین کمیٹی پھر کوآپریٹیو اسٹور اور آخر میں الکلی اسپورٹس کلب کمیٹی کے الیکشن مکمل کرادئے۔ الکلی اسپورٹس کلب کمیٹی کے 8 ممبران ہوتے ہیں۔ کلب سیکریٹری، ہاکی سیکریٹری، فٹ بال سیکریٹری، والی بال سیکریٹری، کرکٹ سیکریٹری، انڈور گیم سیکریٹری، لائبریری سیکریٹری اور آرڈنری ممبرز الکلی اسپورٹس کلب کے ممبران میں منیجمنٹ اسٹاف، ورکرز اور اپرنٹس شامل ہوتے ہیں۔ ٹوٹل ووٹر 426 تھے۔ دو گروپوں کے درمیان الیکشن تھا۔ توقیر احمد اور قیصر علی کلب سیکریٹری کی سیٹ پر الیکشن لڑ رہے تھے۔ اور اپنے اپنے گروپ کو بھی لیڈ کر رہے تھے۔ 11 جنوری 2107ء کو صبح 7 بجے پولنگ شروع ہوئی اور شام 6 بجے تک ممبران نے ووٹ ڈالے۔ توقیر احمد گروپ کا نشان فٹ بال تھا جبکہ قیصر علی ہاکی کے انتخابی نشان پر الیکشن لڑ رہے تھے۔ بہت سخت مقابلہ تھا۔ دونوں گروپ سے 4,4 ممبران نے الیکشن جیتا۔ جبکہ قیصر علی نے کلب سیکریٹری کی سیٹ 31 ووٹ کی لیڈ سے جیت لی۔ جیتنے والوں میں قیصر علی کلب سیکریٹری، فٹ بال سیکریٹری عادل ملک، والی بال سیکریٹری حاجی محمد اسحاق، کرکٹ سیکریٹری طاہر رضا، ہاکی سیکریٹری زین العابدین تو قیصر گروپ سے جیتے جبکہ قیصر علی گروپ سے فیصل لطیف، لائبریری سیکریٹری وقار دانش اور آرڈنری ممبر محمد اصغر نے الیکشن میں کامیابی حاصل کی۔ ہم تمام جیتنے والے ممبران کو مبارک باد دیتے ہیں۔ اور دُعا کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اِن کی مدد فرمائے۔ (آمین)









# حج مبارک 2017 قرعہ اندازی

واضح رہے کہ کمپنی کے ساتھ یونین اِیگریمنٹ 18-2017 میں ریٹائرمنٹ پر 2 حجاج کرام کی سہولت کا اضافہ ہوا۔ اس لیے اب 31 اگست 2017ء کو ریٹائر ہونے والے دوسرے خوش نصیب محمد ریاض الیکٹریشن ورکس نمبر 20265 ہیں۔

رپورٹ: ملک محمد امیر

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں حج مبارک 2017ء کے لیے قرعہ اندازی مورخہ 26 جنوری 2017ء کو ایڈمن ہال میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس مہمانِ خصوصی تھے۔ تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس، سی بی اے کے نمائندگان اور ایمپلائز نے اِس تقریب میں بھرپور شرکت کی۔

قرعہ اندازی کے نتیجے میں 07 خوش نصیب ایمپلائز کے نام سامنے آئے جو درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| 1۔ ساجد حسین | ورکس نمبر 20157 |
| 2۔ محمد اِحسن | ورکس نمبر 20132 |
| 3۔ شیر محمد | ورکس نمبر 20222 |
| 4۔ محمود احمد | ورکس نمبر 20311 |
| 5۔ محمد لطیف | ورکس نمبر 20266 |
| 6۔ محمد طیب حسنین | ورکس نمبر 20240 |
| 7۔ صابر لطیف | ورکس نمبر 20327 |

31 دسمبر 2017ء کو ریٹائر ہونے والے ایمپلائز کی الگ سے قرعہ اندازی ہوئی۔ اِس قرعہ اندازی میں گلزار حسین شاہ ورکس نمبر 20356 کا نام منتخب ہوا۔









رپورٹ: ملک محمد امیر

# آوازِ رفتہ

## ملک غلام ربانی



ملک غلام ربانی ولد ملک اکبر کا تعلق آبائی گاؤں نیلہ مکڑاچھ۔ ڈاکخانہ ڈلوال۔ تھانہ چوآسیدنشاہ جو پہلے ضلع جہلم میں شامل تھا۔ لیکن جب ضلع چکوال بنا تو اس علاقہ کو ضلع چکوال میں شفٹ کر دیا گیا۔ یہ گاؤں خوبصورت پہاڑوں کے درمیان واقع ہے۔ کھیوڑہ سے مغرب کی طرف تقریباً 30 کلو میٹر دور ہے۔ ملک غلام اکبر اپنے گاؤں سے ہجرت کر کے کھیوڑہ میں رہائش پزیر ہو گئے۔ ملک غلام ربانی 2/9/1942 کھیوڑہ میں پیدا ہوئے۔ میٹرک تک گورنمنٹ ہائی اسکول کھیوڑہ میں اپنی تعلیم مکمل کی۔ میٹرک کے بعد آگے اپنی تعلیم جاری نہ رکھ سکے۔ سالٹ مائین میں کلرک کی ملازمت اختیار کر لی۔ 2 سال تک سالٹ مائین میں کام کیا۔ اُس کے بعد نیو جہلم ٹرانسپورٹ میں بطور ٹکٹ چیکر کی ڈیوٹی سرانجام دی۔ 1965 میں بطور ٹیسٹر لیبارٹری آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں اپنی ملازمت کا آغاز کیا۔ کچھ عرصہ تک لیبارٹری میں رہے۔ اسکے بعد پلانٹ میں مختلف شعبوں میں کام کیا۔ فٹنگ مشین آپریٹر، کلسائز، بکلن اور ٹاور پر کام کیا۔ 1997 میں اللہ تعالیٰ نے حج کی سعادت نصیب فرمائی۔ کمپنی کی طرف سے یہ سعادت حاصل کی۔ واپسی پر کمپنی نے ابزارور پر شفٹ کر دیا۔ اس دوران پیر کرم شاہ صاحب کی لکھی ہوئی قرآن پاک کی تفسیر کا مطالعہ کیا۔ 2003 میں پھر محترمہ والدہ کے نام پر حج کیا۔

ملک صاحب جوانی میں کبڈی اور ایتھلیٹکس میں حصہ لیتے رہے۔ کھیوڑہ میں قائم جب چاروں فیکٹریوں کے مقابلے ہوتے۔ جن میں غریب وال سیمنٹ فیکٹری۔ سالٹ مائیں۔ ڈنڈوٹ سیمنٹ فیکٹری NCI اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ملک صاحب کبڈی، 1500 میٹر اور رکاوٹوں والی دوڑ میں ہمیشہ فرسٹ آیا کرتے تھے۔ انٹر ڈیپارٹمنٹل ٹورنامنٹ میں اس کی طرف سے ہمیشہ لیڈ کرتے تھے۔

1982/83 میں یونین کا الیکشن لڑا اور جنرل سیکریٹری منتخب ہوئے۔ بورڈ آف ٹرسٹی کے ممبر بھی رہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس، کھیوڑہ کی ہر دل عزیز شخصیت اور لیبر لیڈر تھے۔ ملک صاحب کا فیکٹری کے باہر کھیوڑہ میں بھی ایک نام ہے۔ کھیوڑہ کی سیاست میں گھ جوڑ کے بادشاہ رہے۔ بلدیات میں پارٹی کو سپورٹ کرنا۔ انکی کمپین کرنا۔ فیکٹری کے اندر ملک صاحب کا ایک گروپ تھا۔ جس میں سید امیر حسین شاہ۔ اظہار الحق۔ شاہد رشید قریشی۔ زاہد محمد شیخ۔ ملک زبانی بونیر۔ راجہ مشتاق جانی۔ ہر ماہ ان دوستوں کے لیے کھانے کا اہتمام کرنا۔ جب تک ملک صاحب نے سروس کی۔ ہر ماہ اپنے دوستوں کو کھانے کی دعوت دیتے تھے۔ اَب یہ سارے ریٹائر ہو چکے ہیں۔ ملک صاحب اِب بھی اپنے دوستوں کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ کبھی کبھار اکھٹے ہو جائیں تو مِل بیٹھتے ہیں۔ اَب ملک صاحب تھوڑے بوڑھے ہو چکے ہیں۔ صوم وصلوہ کے پابند ہیں۔ ملک صاحب کا انٹرویو کرتے وقت خوبصورت کلام سُننے کو ملا۔ سیف الملوک جیسی آواز میں پڑھتے ہیں۔ ملک صاحب کہتے ہیں کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش ایک بہت بڑی آرگنائزیشن ہے۔ اللہ تعالیٰ اُسکو ہمیشہ قائم ودائم رکھے۔ ہمارے علاقے میں بہت سے لوگوں کا روزگار اس سے وابستہ ہے۔

ہم بھی ملک صاحب کے لیے دُعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اِنکو صحت دے۔ (آمین)

خالد محمود ملک سیکیورٹی آفیسر

# الوداعی پارٹی

کمپنی سے ریٹائر ہونے والے اپنے ساتھیوں کو شاندار اور پُروقار انداز میں رخصت کرنا آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کی ایک بہت ہی قابلِ قدر روایت ہے۔ خالد محمود ملک سیکیورٹی و ٹرانسپورٹ آفیسر جو کہ ہماری کمپنی میں تقریباً 29 سال 2 ماہ کی طویل سروس مکمل کر کے ریٹائر ہوئے ہیں۔ اُن کے اعزاز میں ایچ آر ڈیپارٹمنٹ نے حیات ریسٹورنٹ پنڈ دادن خان میں ایک شاندار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا۔

اِس پروگرام میں رضوان عزیز ایچ آر منیجر، سلیم صدیقی آئی آر منیجر، میجر محمد فیصل ایڈمن منیجر، ایچ آر ڈیپارٹمنٹ کے تمام آفیسرز اور اسٹاف اور خاص طور پر محمد عمر مشتاق ورکس منیجر سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر خالد ملک کی ادارے کے لیے خدمات کو تمام احباب نے خراجِ تحسین پیش کیا۔

”خالد صاحب نے اپنی گفتگو میں اپنے ساتھیوں کا شکریہ ادا کیا۔ اور اپنی طویل سروس پر کُھل کر گفتگو کی۔ آئی سی آئی پاکستان کو سروس کے لیے شاندار ادارہ قرار دیا۔ جس کے ساتھ یہاں کے لوگوں کا نسلوں کا تعلق بن چکا ہے“۔

بعدازاں دعوتِ طعام کا سلسلہ شروع ہوا۔ تمام ساتھی آپس میں گھل مِل گئے۔ خُوب گپ شپ ہوئی۔ اس طرح یہ خوبصورت تقریب اچھی یاد بن کر اختتام پزیر ہوئی۔





رپورٹ: ملک محمد امیر

# تعارف

## آئی سی آئی پاکستان سے تیسری نسل کا ساتھ

میرا نام زین العابدین ہے۔میں نے ابتدائی تعلیم پنڈ دادن خان سے حاصل کی اسکول اور انٹرمیڈیٹ پری انجینئرنگ البیرونی کالج پنڈ دادن خان سے کیا۔اس کے بعد 2012ء میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں اپرنٹس شپ مکمل کرنے کے بعد میں کنسائی پینٹس لاہور میں کچھ عرصہ کام کرتا رہا۔ پھر دسمبر 2014ء میں دوبارہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں بطور مستقل ورکر جوائن کیا۔اب میں ریفائنڈ سوڈیم بائی کاربونیٹ پلانٹ پر اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہوں۔

مجھے اپنے آباؤ اجداد سے محنت، دیانت داری اور اپنا منصب ذمہ داری سے ادا کرنا وراثت میں ملا ہے میں اپنے خاندان کی تیسری نسل سے ہوں جو اس وقت آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی خدمت پر مامور ہے۔اس سے پہلے میرے والد حاجی محمد عنایت نے 1976ء میں بطور ڈرائیور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو جوائن کیا۔اور اپنی محنت لگن اور دیانت داری کی بدولت ہیڈ ڈرائیور کے عہدے تک پہنچے اور اسی ذمہ داری کو ادا کرتے ہوئے 2012ء میں 36 سالہ سروس کے بعد ریٹائر ہوئے۔



**محمد زین العابدین**
ریفائنڈری سوڈیم بائی کاربونیٹ آپریٹر

میرے دادا ابو حاجی خدا بخش نے 1946ء میں 23 سال کی عمر میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں بطور ڈسپنسر بھرتی ہوئے۔اور 1983ء میں اپنی 37 سالہ سروس مکمل کرتے ہوئے ریٹائر ہوئے۔

ہم سب آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سے بہت مطمئن ہیں اور اس کمپنی کے ساتھ کام کرنے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔میں بھی انشاء اللہ اپنے آباؤ اجداد کی طرح اس ادارے میں محنت کے بل بوتے پر ترقی کا خواہاں ہوں۔جس کے لیے بہت ساری منازل ستاروں کی طرح میرے سامنے جلوہ فگن ہیں۔

میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کی دن دُگنی رات چُوگنی ترقی کے لیے دعا گو ہوں۔

**حاجی محمد عنایت**
ہیڈ ڈرائیور (ریٹائرڈ)



**حاجی خدا بخش**
ڈسپنسر ریٹائرڈ





## محمد طیب مدنی پلانٹ آپریٹر

میں ضلع مظفر گڑھ 1989ء میں پیدا ہوا۔میٹرک گورنمنٹ ہائی اسکول کوٹ ادو سے کرنے کے بعد گورنمنٹ ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹ لیہ سے مکینکل میں ڈپلومہ کیا۔میرے والد واپڈا میں ملازم تھے۔تعلیم مکمل ہونے پر میں نے اے ایم ایس پاور کمپنی میں اپنی سروس کا آغاز کیا۔اُس کے بعد کراچی اسٹیل مل میں اور رحیم یار خان شوگر مِل وررحمان ہاجرہ شوگر مل میں 4 سال ملازمت کی۔مارچ 2016 کو آئی سی آئی پاکستان سوڈا ایش بزنس میں متبادل توانائی کے منصوبے میں بطور پلانٹ آپریٹر جوائن کیا۔اس دوران کام کرنے اور سیکھنے کا بہت موقع مل رہا ہے۔

میں نے سی کلاس بوائلر کورس مکمل کر لیا اور اب سیکنڈ کلاس بوائلر کے امتحان کی تیاری کر رہا ہوں۔انشا اللہ سیکنڈ کلاس بوائلر اٹینڈنٹ کا امتحان بھی پاس کرلونگا۔سوڈا ایش میں سیفٹی کے بارے میں بہت آگاہی ہوئی۔جبکہ پرائیویٹ کمپنیوں میں سیفٹی نام کی کوئی چیز ہی نہیں۔سوڈا ایش میں ورک پرمٹ کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا۔مجھے سیفٹی سلوگن،سیفٹی کے سنگ۔زندگی خوش رنگ بہت اچھا لگتا ہے۔

محمد طیب ہر دلعزیز شخصیت ہیں اور اسنوکر کے چیمپئن کے علاوہ کرکٹ اور والی بال کے بہت اچھے کھلاڑی ہیں۔سوڈا ایش فائر فائٹر ٹیم کے ممبر بھی ہیں۔محمد طیب کا کہنا ہے۔آئی سی آئی پاکستان بطور ادارہ غریب لوگوں کے فلاحی کاموں میں بھرپور معاونت کرتا ہے۔میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں جس نے مجھے اس شاندار کمپنی میں ملازمت کا موقع فراہم کیا۔رَب ذوالجلال سے دعا ہے کہ وہ ذات کریم آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور اس سے وابستہ تمام لوگوں کو اپنے حفظ وامان میں رکھے اور ہمیں محنت اور سچی لگن سے کام کر کے رزق حلال کمانے کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)



## شبیر اقبال متبادل توانائی بوائلر آپریٹر

میرا نام شبیر اقبال ہے۔میرا تعلق ضلع خوشاب سے ہے۔میں نے 2017ء میں ضلع خوشاب سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔2010ء میں GCT سرگودھا سے مکینکل ٹیکنالوجی میں تین سالہ ڈپلومہ کیا۔2013ء میں سی کلاس بوائلر انجینئر کا امتحان پاس کیا۔2010ء سے 2013ء تک اولمپیا کیمیکلز میں کام کرتا رہا ہوں لیکن میری خواہش تھی کہ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں کام کروں اور اللہ کے فضل وکرم سے ستمبر 2013ء میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں متبادل توانائی کے بوائلر پر بطور بوائلر آپریٹر میری سلیکشن ہوگئی۔میں اس ادارے میں کافی خوش ہوں۔یہاں پر کام کے دوران سیفٹی کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔میری دعا ہے کہ یہ ادارہ دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے اور اللہ اس ادارے کو ہمیشہ سلامت اور قائم ودائم رکھے۔آمین



## دیو آنند انسٹرومنٹ فورمین

میرا نام دیو آنند ہے۔میں نے 1980ء میں میٹرک کھیوڑہ ہائی اسکول سے پاس کیا اور 1982 میں بطور اپرنٹس ملازمت کا آغاز کیا۔1985 میں بطور انسٹرومنٹ مکینک مستقل ملازمت مل گئی۔آج میری 35 سال سروس ہو چکی ہے اور اب میں انسٹرومنٹ فورمین کے طور پر کام کر رہا ہوں۔میرے تین بیٹے ہیں اور دو بیٹیاں ہیں۔میری wife لمبے عرصے سے بیمار رہنے کے بعد انتقال پا چکی ہیں۔میری بڑی بیٹی نے گریجویشن پاس کیا ہے اور بڑے بیٹے نے الیکٹریکل انجینئر کی تعلیم حاصل کی ہے۔دوسرا بیٹا ابھی الیکٹرانکس کی تعلیم حاصل کر رہا ہے۔

یہ سب کام میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ملازمت میں رہ کر انجام دے پا رہا ہوں۔اس ادارے کا کھیوڑہ کے لوگوں کی ترقی اور خوشحالی میں بہت بڑا حصہ ہے۔میں اس ادارے کے لیے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس ادارے کو دن دگنی رات چوگنی ترقی دے۔

# پولیسٹر میں حج کی قرعہ اندازی

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر بزنس نے اپنے یونین اسٹاف کو کمپنی حج اسکیم کے تحت حج کا موقع فراہم کرنے کے لیے 28ویں حج قرعہ اندازی کا اہتمام مورخہ 14 اپریل 2017 ورکس کینٹین ہال میں کیا۔ جس کے نتیجے میں 7 خوش نصیب کارکنان کو حج پر جانے کے لیے منتخب کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی خالد محمود ورکس منیجر پولیسٹر بزنس تھے۔ اس کے علاوہ اس تقریب میں ورکرز اور یونین عہدیداران نے بھر پور شرکت کی۔ قرعہ اندازی کے نتائج کے مطابق مندرجہ ذیل ساتھی اس سال حج کی سعادت حاصل کریں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| -1 | شمیم احمد | P.10029 | انجینئرنگ |
| -2 | محمد یعقوب | P.10175 | انجینئرنگ |
| -3 | سعید اسلام | P.10197 | پروڈکشن |
| -4 | محمد نثار رفیق | P.10249 | انجینئرنگ |
| -5 | محمد ندیم | P.10252 | پروڈکشن |
| -6 | عامر حیات | P.10319 | پروڈکشن |
| -7 | غلام مرتضیٰ | P.10323 | پروڈکشن |

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کا اور تمام مسلمانوں کا حج قبول فرمائے۔ آمین۔

















# سالانہ سپورٹس فیسٹیول 2017



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر ورکس کی یہ روایت رہی ہے کہ وہ اپنے اسٹاف کو کام کے علاوہ ایک دوسرے سے ملنے جلنے کے مواقع بھی فراہم کرتا رہتا ہے۔اسی حوالے سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر سپورٹس کلب نے مارچ 2017 میں سالانہ سپورٹس فیسٹیول کا کامیاب انعقاد کیا۔جس میں کرکٹ، فٹ بال، دوڑ، رسہ کشی اور گولہ پھینکنا کے مقابلے کروائے گئے۔ان تمام مقابلوں میں مینجمنٹ، نان مینجمنٹ اور اپرنٹسز نے بھرپور شرکت کی اور شائقین اس سپورٹس فیسٹیول سے بہت لطف اندوز ہوئے۔ اختتامی تقریب میں خالد محمود ورکس مینجر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر بزنس مہمانِ خصوصی تھے انہوں نے سپورٹس فیسٹیول کے کامیاب انعقاد پر سپورٹس کمیٹی کی کاوشوں کو سراہا۔ان کا کہنا تھا کہ کام کے ساتھ ساتھ اس طرح کی صحت مندانہ سرگرمیوں کا انعقاد بھی ضروری ہے۔اس قسم کی تقریبات سے لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب آنے کا موقع ملتا ہے۔تقریب کے اختتام پر فاتح کھلاڑیوں کو تحفے تحائف بھی دیئے گئے۔



























# کسٹمر کے لیے فائر فائٹنگ اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کی ٹریننگ

ناخوشگوار واقعات اور حادثات سے بچنے کے لیے فائر فائٹنگ کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ پوری دنیا میں ہر سال آگ کے بے شمار واقعات رونما ہوتے ہیں۔ جو حادثات، اموات اور کاروباری نقصانات کا باعث بنتے ہیں۔ اگر افراد تربیت یافتہ ہوں اور ہنگامی حالات کے لیے تیار ہوں تو ایسے سانحات وواقعات سے بچا جا سکتا ہے۔ اور متوقع نقصانات کو کم سے کم کیا جا سکتا ہے۔

اس پس منظر میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس کے ایچ ایس ای اور ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ نے ٹیکنیکل سروس ڈپارٹمنٹ کے تعاون سے آگ سے بچاؤ اور ہنگامی ردعمل کی اہمیت پر 16 مارچ 2016 کو بنیادی فائر فائٹنگ اور ہنگامی ردعمل کی تربیت کا اہتمام کیا۔ اس ٹریننگ میں دو کسٹمر کمپنیوں منوں گروپ اور بلیسڈ گروپ کے 9 ملازمین نے بھی شرکت کی۔ یہ ٹریننگ کلاس روم لیکچرز، تربیتی کورس اور عملی مظاہرے پر مشتمل تھی۔

اس تربیتی پروگرام کا اہتمام یاسر رفیق نے کیا تھا۔ شرکاء نے ٹریننگ کو سراہا اور آگ سے حفاظت اور واقعات کی روک تھام میں اپنے کردار کو ادا کرنے کا عزم کیا۔







# کسٹمر کی فائر مینجمنٹ کا آڈٹ

کسٹمر کے بغیر کوئی کاروبار نہیں چل سکتا۔ کسٹمر کی سیفٹی اتنی ہی اہمیت کی حامل ہے جتنی کہ پروڈکشن یونٹ پر سیفٹی ضروری ہے۔ اگرچہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اپنے کسٹمرز کے ساتھ اس بات پر پُرعزم ہے کہ وہ اپنے ملازمین میں صحت، سیفٹی اور ماحول کی آگاہی پیدا کرے۔ کریسنٹ فائبرز اور اولمپیا فائبرز پاکستان میں ایک بڑے کاروباری ادارے کے طور پر جانے جاتے ہیں اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس کے بڑے کسٹمرز ہیں۔ اخلاقی اور کاروباری ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے پولیئسٹر بزنس کے ایچ ایس ای اور ٹریننگ ڈپارٹمنٹ نے ٹیکسٹائل یونٹس کے فائر مینجمنٹ سسٹم کا آڈٹ کیا۔ یہ آڈٹ عمران طالب نے پلان کیا۔ ایچ ایس ای کی ٹیم جو کہ محمد علی اور یاسر رفیق پر مشتمل تھی، انہوں نے یونٹ کا دورہ کیا۔ ایچ ایس ای کی ٹیم نے آگ لگنے کی صورت میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے بہت ہی سادہ اور کم خرچ والے طریقے اپنانے کی سفارشات کیں۔

# فائر فائٹنگ اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کی ٹریننگ

1122 کے ٹریزز نے آگ اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لیے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس میں ٹریننگ دینے کے لیے 2 مارچ 2017 کو دورہ کیا۔ 25 شرکاء نے مجموعی طور پر ہنگامی حالات کی صورت میں فائر بیک اپ اور ذاتی حفاظت کے عہد کے ساتھ زندگیاں بچانے کے مقصد سے اس میں شرکت کی۔







# محتاط ڈرائیونگ

8 مارچ 2017 کو نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے تعاون سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس کے ڈرائیورز کے لیے محفوظ ڈرائیونگ کے عنوان پر ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ یہ ٹریننگ ڈرائیورز کے لیے انتہائی سودمند ثابت ہوئی اور غیر محفوظ عوامل کی نشاندہی کا بھی موقع ملا۔







# اونچائی پر کام کرنے اور محتاط طریقے سے دستی آلات کا استعمال

28 فروری 2017 کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس کے ٹریننگ سینٹر میں اونچائی پر کام کرنے کے محفوظ طریقے اور دستی آلات کے محفوظ استعمال پر ایک ٹریننگ کا انعقاد کیا گیا۔ مینجمنٹ کے 14 ملازمین علی شجاع جعفری اور شیراز الخطیب جیسے تجربہ کار ٹرینرز کی ٹریننگ سے مستفید ہوئے۔ ٹریننگ 4 گھنٹے جاری رہی جس میں روزمرہ کی سرگرمیوں کو محفوظ طریقے سے سرانجام دینے کے لیے احتیاطی تدابیر کے بارے میں تفصیل سے بتایا گیا اور ان کا عملی مظاہرہ بھی کرایا گیا۔



اینیمل ہیلتھ ڈویژن

# مینیجمنٹ اور سیلز ٹیم کی میٹنگ

لائف سائنسز بزنس کے اینیمل ہیلتھ ڈویژن نے 23 سے 25 جنوری 2017 تک راولپنڈی میں ایک میٹنگ کا اہتمام کیا جس کا مقصد انتظامیہ اور سیلز ٹیم دونوں کیلئے ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرنا تھا جہاں وہ مل کر ایک دوسرے کے ماہرانہ تجربات کے ذریعہ کاروبار میں بہتری کے مواقع تلاش کریں۔ بزنس مینیجر صبور احمد نے افتتاحی تقریر میں ٹیم کو 17-2016 کی پہلی ششماہی کی خاص خاص باتوں سے آگاہ کیا۔انہوں نے ٹیم کو کچھ نئے اقدامات، جیسے اینیمل ہیلتھ ڈویژن کی تشکیلِ نو، فارمرز چوائس پورٹ فولیو کے پولٹری کے شعبہ میں نئی افرادی قوت کی شمولیت، کوباکیٹن (Cobacaten) انجکشنز MG-Vaccine، FVAX Co-Spira ٹیبلیٹس کے بارے میں معلومات فراہم کیں تا کہ سیلز ٹیم کی کارکردگی میں اضافہ اور کیئرز کی فیڈ بیک کے ذریعہ کاروبار میں مزید بہتری لائی جاسکے۔

اس کے بعد HSE&S کے حوالے سے ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی، جس میں روڈ سیفٹی اور فائر سیفٹی سے متعلق ٹیم کو خصوصی معلومات فراہم کی گئیں۔ بعدازاں سیلز فورس کو تین ٹیموں میں تقسیم کیا گیا جن کی قیادت ان کے متعلقہ پروڈکٹ مینیجرز، ڈاکٹر عمر ستار، ڈاکٹر رضوان افضل اور ڈاکٹر شکیل احمد نے کی۔ جنہوں نے بزنس کی اہم پروڈکٹس کے بارے میں معلومات کی یاددہانی کرائی اور 17-2016 کی دوسری ششماہی کیلئے پروڈکٹ پورٹ فولیو کے لحاظ سے پلاننگ، مارکیٹنگ اور سیلز کی حکمت عملی تیار کرنے پر زور دیا۔ جس کے بعد پروڈکٹ مینیجرز نے چھوٹے چھوٹے عملی مظاہروں اور معلوماتی کوئز کی مدد سے تربیت کے موثر ہونے کی جانچ کی۔

دوسرے روز ہیومن ریسورس مینیجر مس صنم احمر خان نے آئی سی آئی پاکستان کے ضابطہ اخلاق کی پالیسی کے بارے میں ایک تفصیلی پریزنٹیشن دی اور واضح کیا کہ ملازمین کو کسی بھی کاروباری ادارے میں کام کرتے وقت کن کن باتوں پر خاص توجہ دینی چاہیئے۔

اجلاس کے تیسرے اور آخری روز وائس پریذیڈنٹ سمیع کشمیری نے لائیواسٹاک کے شعبہ (نارتھ زون) کی ٹیم کے اُن دس ممبران میں انعامات تقسیم کئے جنہوں نے 17-2016 کی پہلی ششماہی میں فارمرز چوائس وانڈا کی تعداد کے اعتبار سے فروخت میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا۔انہوں نے سیلز ٹیم کے ساتھ بھی تبادلہ ءخیال کیا اور ان کے سوالات کے جواب دیئے۔ بعد ازاں انہوں نے وسط سال کے جائزے کیلئے سیلز لیڈرشپ اور مارکیٹنگ ٹیم کے ساتھ ملاقات کی جس میں لائیواسٹاک اور پولٹری دونوں شعبہ جات کی ٹیموں نے اپنے پہلے سے طے شدہ اہداف اور حکمت عملی کی تفصیلات بتائیں جوان کے حتمی ہدف کے حصول میں مددگار ہوں گے۔ مجموعی طور پر یہ اجلاس انتظامیہ اور سیلز ٹیم دونوں کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا۔







اینیمل ہیلتھ ڈویژن۔آپ کا مویشی، آپ کا سرمایہ

# قلعہ سیف اللہ میں ڈیورمنگ (Deworming) کی مہم





لائف سائنسز بزنس کے اینمل ہیلتھ ڈویژن کا ڈیورمر رینج پورٹ فولیو بہت اہمیت کا حامل ہے۔اس سلسلے میں ڈیری فارمرز کو آگہی فراہم کرنے اور مارکیٹ میں جگہ بنانے کیلئے ہماری ٹیم باقاعدگی سے ڈیری فارمرز کے اجتماعات اور ڈیورمنگ کے پروگرام منعقد کرتی رہتی ہے۔حال ہی میں اینمل ہیلتھ ڈویژن لائیو اسٹاک کے شعبہ نے قلعہ سیف اللہ (کوئٹہ) میں ڈیورمنگ کی مہم کا اہتمام کیا۔اس میں تقریباً دوسو چھوٹے جانور بشمول بھیڑ بکریاں لائے گئے اوران میں طفیلی کیڑوں (پیراسائٹس) کی مناسب طریقے سے ڈیورمنگ کی گئی۔

تقریب کے آغاز میں ورسڈ Vorcid اورنلزان پلس Nilzan Plus کے بارے میں تفصیلی بات چیت ہوئی اور پروڈکٹ کے فوائد، اس کے استعمال،علاج کے طریقوں اور جانوروں میں اندرونی اور بیرونی طفیلی کیڑوں حشروں کے انسداد کی اہمیت کو واضح کیا گیا۔اس کے علاوہ ڈیری فارمرز کے سوالوں کے جواب دیئے گئے ،انھوں نے اپنے مسائل کی نشاندہی کی اور ہماری ٹیم نے ان کا حل پیش کیا گیا۔اس موقع پر ڈیری فارمرز نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے فارمرز اوران کے جانوروں کی بہتری کیلئے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا۔

اس سرگرمی سے فارمرز میں پروڈکٹ پورٹ فولیو سے متعلق آگہی پیدا ہوئی اور ان کو درپیش چیلنجز پر قابو پانے میں پروڈکٹ کی افادیت کو واضح کرنے میں مدد ملی۔ اس کے علاوہ پسماندہ علاقوں کے ڈیری فارمرز کے ساتھ مضبوط رابطے قائم کرنے کا موقع بھی حاصل ہوا۔

# پولٹری پروڈکٹس سیلز ٹیم کی صلاحیتوں میں اضافے کیلئے تربیت



اینیمل ہیلتھ ڈویژن کے پولٹری کے شعبہ نے 16 سے 21 جنوری لاہور میں قومی سطح پر پروڈکٹس کے بارے میں تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا جس کا مقصد ٹیم کو پروڈکٹ پورٹ فولیو کی معلومات فراہم کرنا اوران کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا تھا۔اس میں نارتھ زون کے ایریا منیجرز کے علاوہ ساؤتھ زون کے دو ایریا منیجرز نے بھی شرکت کی۔

اس تربیتی پروگرام کے آغاز میں H S E & S کے مختلف موضوعات، خاص طور پر فائر سیفٹی اور روڈ سیفٹی کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی گئی جس کے بعد پروڈکٹ سٹیورڈ شپ پر گفتگو شروع ہوئی۔ پہلے تین دن اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر زہرہ محمود نے فارمرز چوائس پورٹ فولیو، اور جراثیم کش اور غذائیت کی پروڈکٹ رینج کے بارے میں تفصیلی پریزنٹیشن دی اور ان



پروڈکٹس کی خصوصیات اور خصوصاً مارکیٹ کی گنجائش اور تقابلی تجزیوں کے حوالے سے جامع حکمت عملی سے آگاہ کیا۔ اس سلسلے میں ٹیم کی بھی توجہ دلائی گئی تا کہ وہ اپنے متعلقہ ریجن کی مارکیٹ میں ان پروڈکٹس کی گنجائش کا جائزہ لے سکیں۔

اس کے علاوہ پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر رضوان نے جانوروں کے نظام ہضم اور نظام تنفس کے درست ہونے کی اہمیت بیان کی اور فارم منیجمنٹ کے طریقوں کے کردار سے آگاہ کیا۔ انہوں نے ٹیم ممبرز کے ساتھ Elanco اور MSD کی پروڈکٹ رینج کے بارے میں بھی بات چیت کی۔ نیز انہوں نے سیلز ٹیم کی صلاحیت میں اضافہ سے متعلق تربیت دی جس کے ذریعہ وہ مارکیٹ میں کامیابی کے ساتھ جگہ بنا سکتے ہیں۔

مجموعی طور پر یہ تربیتی پروگرام بہت سودمند ثابت ہوا جس کے ذریعہ اینمل ہیلتھ ڈویژن پولٹری کے شعبہ نے اپنی ٹیم کو کاروبار کے فروغ کیلئے ضروری معلومات بہم پہنچانے اور ان کی استعداد بڑھانے کا ہدف حاصل کیا۔

# بین الاقوامی لائیواسٹاک نیوٹریشن سمٹ




اینمل ہیلتھ ڈویژن کے پولٹری کے شعبہ نے بین الاقوامی لائیو اسٹاک نیوٹریشن سمٹ کو اسپانسر کیا جو نیوٹریشنسٹ ایسوسی ایشن آف پاکستان اور یونیورسٹی آف وٹرنری اینڈ اینمل سائنس لاہور کے اشتراک سے 21 اور 22 فروری 2017 کو منعقد ہوئی۔ اس سمٹ میں ملک کے تمام حصوں اور بیرون ملک سے نامور ماہرین اور اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔

اس سمٹ میں شرکت کا مقصد لائیواسٹاک اور پولٹری کی صنعت کی بہتری کیلئے اسٹیک ہولڈرز اور حکومت کے ریگولیٹری اداروں کے ساتھ مضبوط رابطے قائم کرنا تھا۔ اس تقریب سے حالیہ جدید طریقوں، رجحانات، خدشات اور چیلنجز کے بارے میں جاننے اور لائیواسٹاک اور پولٹری نیوٹریشن سے متعلق مسائل کے ممکنہ حل کیلئے باہمی گفت وشنید کا اچھا موقع فراہم ہوا۔




اس تقریب میں دنیا بھر کی ٹیموں نے 20 مختصر تقاریر اور 40 پوسٹر کے ذریعہ دودھ کی مستحکم پیداوار اور غذائیت کیلئے ڈیری نیوٹریشن سے متعلق آگہی دی۔ اس کے علاوہ منتخب تحقیقی پیپرز پیش کئے گئے جن میں مختلف پہلوؤں جیسے جانوروں کو فربہ کرنا، لائیواسٹاک اور پولٹری پروڈکشن فیڈ منیجمنٹ اور ٹیکنالوجیز سے متعلق تحریریں شامل تھیں جن کے بارے میں حاضرین سے بھی گفت وشنید کی گئی۔

مجموعی طور پر یہ تقریب بڑی فائدہ مند ثابت ہوئی کیونکہ اس میں خاص طور سے اینمل ہیلتھ ڈویژن کے پولٹری کے شعبہ کو بڑی تعداد میں متوقع اور موجودہ اسٹیک ہولڈرز سے معلوماتی گفت و شنید کرنے اور ان سے مضبوط تعلقات استوار کرنے کا موقع ملا۔ اس کے علاوہ اس تقریب کے شرکاء کو ہماری مختلف النوع کے پروڈکٹ پورٹ فولیو سے متعلق آگہی حاصل ہوئی۔

اینیمل ہیلتھ ڈویژن۔آپ کا مویشی، آپ کا سرمایہ

# لائیواسٹاک کے معالجین کی آگہی کیلئے اجتماع

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، لائف سائنسز بزنس اینمل ہیلتھ ڈویژن کے لائیواسٹاک کے شعبہ نے 3 فروری کو شیخوپورہ میں مویشیوں کے علاج کے ماہرین کا ایک اجتماع منعقد کیا۔اس اجتماع کی سربراہی ہمارے پروڈکٹ منیجر اور ایریا منیجر نے کی۔ پروڈکٹ منیجر نے Multivor اور Antibiotic رینج سے متعلق تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ اس اجتماع کا مقصد مویشیوں کے علاج کے ماہرین اور معاونین سے رابطہ کرنا اور ان میں اپنی پروڈکٹ رینج اور اس کے معیار سے متعلق آگہی پیدا کرنا تھا۔اس اجتماع میں کل 30 ماہر معالج اور معاون شریک ہوئے۔جامع پریزنٹیشن کے ساتھ ساتھ حاضرین کو پروڈکٹ کی منفرد خصوصیات، اس کے استعمال، خوراک کی شرح اور فوائد سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اس اجتماع سے نہ صرف پروڈکٹ پورٹ فولیو کے بارے میں آگہی پیدا کی گئی بلکہ یہ اجتماع تکنیکی ماہرین کے ساتھ مضبوط تعلقات قائم کرنے میں بھی معاون ثابت ہوا۔آخر میں ہماری ٹیم نے حاضرین کے استفسارات کے جواب دیئے۔مجموعی طور پر یہ تقریب جہاں کمپنی کی قدر میں اضافہ کا باعث ہوئی وہاں تکنیکی ماہرین کو آگہی فراہم کرنے اور ان کی ضروریات کو موثر طور پر سمجھنے میں مددملی۔ اس کے علاوہ ایسے پلیٹ فارم معالجین کے ساتھ مضبوط روابط قائم کرنے میں مددگار ہوتے ہیں جن کے ذریعہ ہمیں کسٹمر تک رسائی کا موقع حاصل ہوتا ہے۔






## قصور میں فارمرز کا اجتماع

# پولٹری فارمز تک رسائی

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ لائف سائنسز بزنس اینمل ہیلتھ ڈویژن کے پولٹری کے شعبہ نے قصور ریجن میں پولٹری فارمر کے ایک اجتماع کا اہتمام کیا۔

اس اجتماع کی نگرانی ہمارے پروڈکٹ منیجر اور ایریا منیجر نے کی جس میں 20 فارمرز شریک ہوئے۔اس میں فارمر چوائس پروڈکٹس اور بائیولوجیکل رینج پر تبادلہء خیال کیا گیا۔اس اجتماع کا مقصد اپنی پروڈکٹ رینج، ان کی منفرد خصوصیات اور استعمال کے بارے میں اپنے معزز صارفین کو آگہی دینا تھا۔

اس کے علاوہ ٹیم نے فارم مینجمنٹ کے طریقہء کار کی اہمیت پر بھی زور دیا اور ان کو بتایا کہ بیماریوں سے محفوظ صحت مند گلے کیلئے ویکسین کے مقررہ شیڈول پر عمل کرنا کتنا ضروری ہے تاکہ مویشی صحت مند رہے اور پولٹری فارمر کو اچھا منافع حاصل ہو۔

ہماری ٹیم نے جانوروں کی بیماریوں کے تدارک کیلئے اپنے پروڈکٹ پورٹ فولیو اور ان کے فوائد کے بارے میں موجودہ اور متوقع صارفین کے ساتھ تفصیلی گفت وشنید کی جس کے بعد ٹیم نے حاضرین کے سوالات کے جواب بھی دیئے۔

یہ تقریب اس لحاظ سے بہت موثر رہی کہ اس میں ایسے پولٹری فارمرز میں آگہی پیدا کرنے میں مددملی جو مناسب معلومات کی کمی کے سبب شدید مالی نقصان کا شکار ہوجاتے ہیں۔






اینیمل ہیلتھ ڈویژن۔آپ کا مویشی، آپ کا سرمایہ

# نیسلے فارمز ڈے







آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ لائف سائنسز بزنس،اینیمل ہیلتھ ڈویژن کا لائیو اسٹک کا شعبہ اپنے پروڈکٹ پورٹ فولیو کے بارے میں آگہی پیدا کرنے کیلئے ایسی تمام سرگرمیوں میں بھرپور شرکت اور سرمایہ کاری کرتا ہے جن کے ذریعہ ڈیری فارمرز، معالجین اور شعبہ سے متعلق افراد تک رسائی حاصل ہوسکے۔ ان میں ڈیری فارمرز کے اجتماعات، پیشہ ورانہ اجلاس اور سرگرمیاں شامل ہیں۔ چنانچہ اس سلسلے میں لائیو اسٹاک کے شعبہ نے حال ہی میں میلسی اور کبیروالا میں منعقد ہونے والی نیسلے فارمر ڈے کی تقریبات میں شرکت کی۔ اس کا مقصد اسٹیک ہولڈرز میں برانڈ کی آگہی میں اضافہ کرنا اور کاروبار کو فروغ دینا تھا۔

میلسی میں منعقدہ تقریب میں تقریباً600 سے زائد ڈیری فارمرز نے شرکت کی جب کہ کبیروالا کی تقریب تقریباً میں250 فارمرز شریک ہوئے۔

ہمارے ایریا منیجر رانا توقیر احمد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، لائف سائنسز بزنس، اینیمل ہیلتھ ڈویژن کا ایک اسٹال لگایا اور نئی درآمد شدہ پروڈکٹس جیسے میٹریکو اور سالٹ لک کو ڈیری فارمرز میں متعارف کروایا۔ انہوں نے ریگولر ڈیورمنگ کی خصوصیات اور فارمر چوائس وانڈا کے فوائد پر روشنی ڈالی۔ اس کے علاوہ انہوں نے حاضرین کے ساتھ گفت وشنید کی اور بہتر فارم منیجمنٹ کے طریقہء کار کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

مجموعی طور پر یہ تقاریب بہت فائدہ مند ثابت ہوئیں اس لئے کہ ان میں اینمل ہیلتھ ٹیم اپنے ہدف کے حصول یعنی ڈیری فارمرز کو یہ بتانے میں کامیاب رہی کہ وہ اپنے مویشیوں کی کس طرح زیادہ بہتر اور موثر طریقے سے دیکھ بھال کرسکتے ہیں کیونکہ وہ ان کا قیمتی سرمایا ہوتے ہیں۔



اینیمل ہیلتھ ڈویژن۔آپ کا مویشی، آپ کا سرمایہ

# فارمر چوائس وانڈا کے صارفین کا دبئی کا دورہ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ لائف سائنسز بزنس اینمل ہیلتھ ڈویژن کے لائیواسٹاک کے شعبہ کی جانب سے اپنی فارمرز چوائس وانڈا ٹریڈ اسکیم (جنوری - مئی 2016) میں جیتنے والوں کو ایک تفریحی دورے پر دبئی لیجایا گیا۔اس دورے کا مقصد اپنے صارفین کو ایک تفریحی ماحول فراہم کرنا اور فارمرز چوائس وانڈا کے مستقبل کے اقدامات سے متعلق ان کا فیڈ بیک حاصل کرنا تھا۔

اس دورے کے آغاز میں بزنس منیجر صبور احمد نے استقبالیہ تقریر کی اور HSE &S کے سلسلے میں روڈ سیفٹی کے بارے میں ایک پریزنٹیشن دی ۔اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر عبد المنان نے فارمر چوائس وانڈا، اس کے استعمال اور مویشیوں کی صحت کیلئے غذائیت کی اہمیت سے متعلق ایک پریزنٹیشن دی۔ اس کے بعد صارفین کو گروپس میں تقسیم کر دیا گیا تا کہ ان کو ایک دوسرے سے تبادلہء خیال کا موقع ملے اس موقع پر انہوں نے مارکیٹ میں جگہ بنانے کیلئے مستقبل کے اقدامات پر بھی اپنی آراء کا اظہار کیا اور ٹیم کو مفید مشورے دیئے۔

اس کے علاوہ صارفین کی تفریح کو بھرپور اور پرلطف بنانے کیلئے انہیں مختلف تفریحی سرگرمیوں، جیسے ڈیزرٹ سفاری، اسکائی دبئی اور اٹلانٹک پارک کا دورہ کرایا گیا اور ایک کرکٹ میچ کا اہتمام بھی کیا گیا۔مارکیٹنگ اور سیلز دونوں کے لیڈرز اور بزنس منیجر نے مہمانوں کی میزبانی کے فرائض انجام دیئے۔

مجموعی طور پر یہ ایک مفید دورہ رہا کہ اس سے صارفین کے ساتھ مضبوط رابطے قائم کرنے کا موقع ملا اور ان کے مفید مشورے اور تجاویز حاصل ہوئیں جو مستقبل کے اقدامات کی منصوبہ بندی کرنے کیلئے کارآمد ثابت ہوں گی۔













اینیمل ہیلتھ ڈویژن

# VIV Asia-2017 میں شرکت

رپورٹ: ڈاکٹر رضوان افضل

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ لائف سائنسز بزنس، اینمل ہیلتھ ڈویژن کے پولٹری کے شعبہ نے VIV Asia-2017 میں شرکت کی جو 15 تا 17 مارچ منعقد ہو۔

VIV Asia ایشیاء کی ابھرتی ہوئی مارکیٹ کا نہایت اہم گیٹ وے ثابت ہوا ہے کیونکہ پورے ایشیاء میں ماہرین اینمل پروٹینز کی تیاری اور پروسیسنگ کا کام کر رہے ہیں۔ اس سال کی تقریب میں پولٹری، مچھلی اور ڈیری کی پروڈکشن سے منسلک ماہرین شامل ہوئے جو جانوروں کی پیداوار سے متعلق تازہ ترین معلومات اور گوشت (Meat) پروسیسنگ کی صنعت کی ترقی کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہتے تھے۔ اس پروگرام میں مرغیوں کے گوشت، سمندری خوراک اور ڈیری پروڈکشن کے طریقہء کار اور خوراک کے اجزاء اور جانوروں کی صحت کے مسائل کے حل سے لے کر بریڈنگ، فارمنگ، ذبح کرنے اور پروسیس کرنے سے متعلق ہر مرحلے کا احاطہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ نمائش کنندگان اور میڈیا کی جانب سے شرکاء کے لئے مختلف نوعیت کی مفت ورکشاپس، کانفرنسز اور سیمینارز کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں سب نے بڑی دلچسپی سے شرکت کی۔

ہمارے پولٹری کے شعبہ نے اس تقریب میں صفِ اوّل کے 15 کسٹمرز کے ساتھ شرکت کی جس کا مقصد موجودہ کاروباری پارٹنرز سے رابطہ استوار کرنا اور کاروبار کی نئی راہیں تلاش کرنا تھا تاکہ مارکیٹ میں جگہ بنانے اور وسیع پیمانے پر کاروبار کے فروغ کیلئے بھرپور کوشش کی جائے۔

مجموعی طور پر اس تقریب میں شرکت کافی فائدہ مند ثابت ہوئی کیونکہ اینمل ہیلتھ ڈویژن کے پولٹری کے شعبہ کو اپنے معزز کاروباری پارٹنرز اور دوسرے علاقوں کے صارفین سے رابطہ کا موقع حاصل ہوا جن کے ذریعہ کاروبار کے بدلتے ہوئے طریقوں کو سمجھنے میں بھی مدد ملی۔






# Vemo کے تحت منعقدہ سیمینار میں شرکت

رپورٹ: ڈاکٹر رضوان افضل

ہمارے اینمل ہیلتھ ڈویژن کے پولٹری کے شعبہ نے Vemo 99 کے تحت منعقدہ سیمینار میں شرکت کی۔ Vemo 99 بلغاریہ کی کمپنی ہے جو اعلیٰ معیار کے خوراک کے افزائشی اجزاء، محفوظ غذا کے سپلیمنٹ اور خامرہ (Enzymes) تیار کرتی ہے۔ اس سیمینار میں نیشنل سیلز منیجر ڈاکٹر انوار الحق، پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر رضوان افضل، ریجنل سیلز منیجر محمد شہریار نے 5 پولٹری کسٹمرز کے ہمراہ شرکت کی۔

سیمینار میں ماہرین نے خوراک میں افزائشی اجزاء اور نظامِ ہضم میں خامرے، جانور کی کارکردگی، افزائش اور عام کارکردگی کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس کے علاوہ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ ان کا گہری تحقیق پر مبنی پورٹ فولیو کس طرح جانوروں کی صحت اور توانائی برقرار رکھنے اور اس صنعت کے ماحول پر اثرات کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ جسم میں غیر نامیاتی فاسفورس کی سطح کو کم کرنے میں خامرہ اہم کردار ادا کرتا ہے اور دن بدن بڑھتی ہوئی قیمتوں کے سبب پروٹین کی جگہ خوراک میں عام خامرے اور NSP خامرے کا اضافہ اس کمی کو پورا کرتا ہے۔

یہ سیمینار ہمارے ٹیم ممبرز اور معزز صارفین، دونوں کیلئے انتہائی کارآمد ثابت ہوا کیونکہ اس کے ذریعہ ہمیں یہ سمجھنے میں مدد ملی کہ ایک مضبوط اور صحت مند دفاعی نظام کی پولٹری انڈسٹری میں کتنی زیادہ اہمیت ہے۔





اینیمل ہیلتھ ڈویژن

# آنتوں کی صحت کے بارے میں سیمینار

اینمل ہیلتھ ڈویژن کے پولٹری کے شعبہ نے MSD اینمل ہیلتھ کے تعاون سے ایسکوٹ ستھورن ہوٹل، بنکاک میں مرغیوں کی آنتوں کی صحت کے بارے میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ اس کے منتظم تھے MSD اینمل ہیلتھ کے ریجنل ٹیکنیکل منیجر ڈاکٹر ہاک ینگ ڈینس یو (Dr. Hok Ying Denis Yau)۔ اس سیمینار میں 12 بڑے فیڈ پروڈیوسرز نے شرکت کی جن میں میاں جان محمد جاوید سی ای او، جدید گروپ آف انڈسٹریز، اسلام آباد، محمود، سی ای او، سونا فیڈ حیدرآباد اور ڈاکٹر گلریز احمد، جنرل منیجر پروڈکشن، صادق گروپ شامل تھے۔ پولٹری ٹیم نیشنل سیلز منیجر، ڈاکٹر انوار الحق، پروڈکٹ منیجر، ڈاکٹر رضوان افضل، ریجنل سیلز منیجر، محمد شہریار، انسٹی ٹیوشنل منیجرز ڈاکٹر عامر عباس اور ڈاکٹر آصف پر مشتمل تھی۔ ان کے علاوہ بعض دیگر صارفین نے بھی شرکت کی۔

اس سیمینار میں ماہرین نے آنتوں کی صحت کیلئے خوراک کے اجزاء اور فیڈ کے صحیح طریقہ کار کی اہمیت کو واضح کیا اور جانوروں کی افزائش کیلئے غذائیت پر مبنی خوراک کے استعمال پر زور دیا۔

جانور کی صحت کیلئے آنتوں کا مضبوط ہونا ضروری ہے کیونکہ صحت مند آنتوں سے نظام ہضم درست رہتا ہے اور فیڈ کے اہم غذائی اجزا اچھی طرح جذب ہوتے ہیں اور ان کا کم سے کم ضیاع ہوتا ہے ان میں بو بھی کم ہوتی ہے ،اس کے علاوہ یہ entropathologens اور خاص طور پر clostridia perfringens کے خلاف سخت مزاحمت بھی کرتی ہیں نیز چوزوں کے مرنے اور بیمار ہونے سے حفاظت دیتی ہیں اور غذا کے ہضم ہونے کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ماہرین نے نامناسب غذائیت اور غیر صحت مند ماحول کی وجہ سے آنتوں میں صحت کے مسائل پر بھی بحث کی، جو خاص طور پر بچوں کی افزائش کے ابتدائی دنوں میں پیش آتے ہیں۔

مجموعی طور پر یہ سیمینار پولٹری ٹیم کیلئے نہایت معلومات افزا تھا جب کہ صارفین کو جانوروں کی آنتوں کی صحت سے متعلق ماہرین کے خیالات سے آگہی کا موقع ملا جو ان کیلئے بہت فائدہ مند ثابت ہوا۔





# پاکپتن وٹرنری ڈاکٹرز اور دیگر عملے سے ملاقات

لائیو اسٹاک کی صحت کی دیکھ بھال کے حوالے سے وٹرنری کے ڈاکٹر اور دیگر عملے کا ایک نہایت اہم کردار ہوتا ہے۔ ہمارے اینیمل ہیلتھ کی ٹیم نے اسی حوالے سے پاکپتن کے علاقے میں 50 سے زائد ڈاکٹرز اور دیگر عملے کے اجتماع کا اہتمام کیا تاکہ انھیں لائیو اسٹاک کی صحت کے حوالے سے دستیاب نئی میڈیسنز کے بارے میں آگاہ کیا جاسکے۔ اس اجتماع میں خاص طور سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے پیش کی گئی نئی دوا ڈیکٹرون (Dectron) اور وورڈ (Vorid) کے بارے میں شرکاء کو تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔ پروڈکٹ منیجر نے پروڈکٹ کی خصوصیات، استعمال، احتیاطی تدابیر اور موسم کی تبدیلیوں کے باعث بھینسوں میں اندرونی اور بیرونی طفیلی حشروں کو موثر طور پر کنٹرول کرنے کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔ اس کے علاوہ انہوں نے ملٹی وور (Multivor)، اس کی خصوصیات، خوراک کی مقدار اور بڑے اور چھوٹے جانوروں میں وٹامن کی کمی کو نمایاں طور پر بحال کرنے کے بارے میں بات چیت کی۔ اجلاس کے آخر میں ٹیم نے شرکاء کے سوالات اور استفسارات کے جواب بھی دیئے۔ اس طرح ٹیم کے ساتھ ایک معلوماتی اور سیکھنے کا ماحول پیدا ہوگیا۔

مجموعی طور پر یہ تقریب بہت فائدہ مند ثابت ہوئی کیونکہ اینمل ہیلتھ ڈویژن کی سپورٹیو میڈیسن ٹیم نے مارکیٹ میں پروڈکٹ کے فروغ کی غرض سے پیشہ ور افراد کو معلومات فراہم کرنے اور ان کی ضروریات کو سمجھنے کا ہدف حاصل کیا۔

اینیمل ہیلتھ ڈویژن۔ آپ کا مویشی، آپ کا سرمایہ

تیسری بین الاقوامی کانفرنس

# برائے زراعت، خوراک اور جانوروں کے علوم

## بہ اشتراک سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی، ٹنڈو جام

رپورٹ: ڈاکٹر عمر ستار




آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ لائف سائنسز بزنس اینمل ہیلتھ ڈویژن لائیواسٹاک کے شعبہ نے سندھ ایگریکلچر یونیورسٹی، ٹنڈو جام کے اشتراک سے زراعت، خوراک اور جانوروں کے علوم کے بارے میں تیسری بین الاقوامی کانفرنس کا اہتمام کیا جو 10 اور 11 جنوری 2017 کو منعقد ہوئی۔ اس دو روزہ کانفرنس کا مقصد ماہرینِ علوم اور محققین کو ایک جگہ جمع کرنا تھا جہاں وہ پریزنٹیشن، تفصیلی مذاکروں، بات چیت اور پوسٹرز کے ذریعے زراعت، خوراک اور جانوروں کے علوم کے موجودہ اور نئے ابھرتے ہوئے مسائل کا جائزہ پیش کریں جن سے انڈسٹریز ماحول اور صارفین متاثر ہورہے ہیں۔ کانفرنس میں دیگر موضوعات جیسے جانوروں کی صحت، گوشت کی ٹیکنالوجی، ڈیری ٹیکنالوجی اور جانوروں کی پیداوار کے بارے میں بھی تفصیل کے ساتھ گفت وشنید ہوئی۔



اس تقریب میں تقریباً 300 وفود نے شرکت کی جن میں پاکستان کی معروف یونیورسٹیوں کے نامور دانشور، محققین، ماہرینِ علوم کے علاوہ جرمنی، چین، امریکہ، ملائیشیا اور چند دیگر ممالک سے منتخب ماہرین بھی شامل ہوئے جنہوں نے اس کانفرنس میں پریزنٹیشنز دیں اور تحقیقی مقالے پڑھے۔ بعد ازاں لائیواسٹاک کے شعبہ کی جانب سے شرکاء کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔

مجموعی طور پر یہ تقریب بہت کامیاب رہی کہ اس میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے لائیواسٹاک کے شعبہ کی ٹیم کو ایک جگہ پر ملکی اور بین الاقوامی افراد سے ملاقات کرنے اور محفوظ خوراک اور جانوروں کی صحت کے بارے میں معلومات کے حصول اور معیشت کے فرق کو سمجھنے کیلئے ایک اہم اجتماع میں شرکت کا موقع ملا۔



اگیری ڈویژن۔ فصل شاندار، کاشتکار خوشحال

# اہم کاشتکاروں کی میٹنگ

رپورٹ: کاشف ریاض

صارفین میں آگہی پیدا کرنے اور عام کاشتکار تک رسائی حاصل کرنے کی غرض سے بڑے کاشتکاروں کے اجتماع کا اہتمام کرنا آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، لائف سائنسز بزنس ایگروکیمیکلز ڈویژن کے مقاصد میں سے ایک ہے کیونکہ یہ ہماری اقدار، کسٹمرز کی قدر کے عین مطابق بھی ہے۔ان اجتماعات کی اہمیت اس وقت اور بڑھ جاتی ہے جب متعلقہ حکومتی ادارے بھی ان سرگرمیوں میں شامل ہو جائیں۔ایسا ہی ایک اجتماع ایگریکلچر ایکسٹینشن ڈپارٹمنٹ کے اشتراک سے بستی جلیل بدھلاسنت، ملتان میں 14 فروری 2017 کو منعقد ہوا۔اس میں 250 سے زیادہ کاشتکاروں نے شرکت کی۔جو حکومتی عہدیدار اس میں شریک ہوئے ان میں انجم علی (ڈی جی ، ایکسٹینشن)، چوہدری منیر (ڈائریکٹر، ایکسٹینشن) چوہدری نصیر احمد (ڈی ڈی ایکسٹینشن)، رائے عباس (اے ڈی ، ایکسٹینشن) چوہدری اللہ رکھا (اے او، ایکسٹینشن) اور فیلڈ اسسٹنٹس شامل ہیں۔اس تقریب میں رائے منصب علی (ایم پی اے) اور ملک واصف مظہر (ایم پی اے) نے بھی شرکت کی۔اس اہم تقریب کا انتظام علی بن طفیل (ایریا منیجر، ملتان) نے محکمہ زراعت، پنجاب کے عہدیداروں کے تعاون سے کیا۔اجلاس کا آغاز حسب معمول کمپنی کے تعارف سے ہوا جس کے بعد علی بن طفیل نے شرکاء کو کمپنی کی HSE&S کے حوالے سے پالیسی اور تفصیلات سے آگاہ کیا۔اس کے بعد اجلاس میں خاص طور پر تکنیکی اور ہماری زرعی پروڈکٹس کے بارے میں گفت وشنید ہوئی۔ان پروڈکٹس میں فرٹی کے 50، فرٹی اسٹار، میٹولا گولڈ، اولا لا اور لانسر گولڈ شامل تھیں۔کاشتکاروں نے تیکنیکی معلومات کو بہت سراہا؛ انہوں نے ذاتی تجربہ کی بناء پر اپنی کپاس کی فصل پر ہماری پروڈکٹس کی بہترین کارکردگی کا ذکر کیا۔ان کی اس گفتگو سے ہماری پروڈکٹس کے بارے میں دوسرے شرکاء کے اعتماد میں بھی اضافہ ہوا۔اس کے بعد سوال وجواب کا سلسلہ ہوا۔

بعد ازاں ایم پی اے صاحبان نے کاشتکاروں سے خطاب کیا۔ ڈی جی ایکسٹینشن محکمہ زراعت، پنجاب نے بھی اس موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کاشتکاروں سے ان کے بنیادی مسائل کے بارے میں بات چیت کی۔ جناب انجم علی (ڈی جی، ایکسٹینشن) نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اشتراک اور تعاون پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ایگری ٹیم کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کمپنی ملک کی زرعی ترقی میں اپنا کردار نہایت خوش اسلوبی سے ادا کر رہی ہے۔



















ایگری ڈویژن۔ فصل شاندار، کاشتکار خوشحال

# سائلیج سیمینار لائیواسٹاک ایکسٹینشن ڈپارٹمنٹ، کوئٹہ

رپورٹ: باسل سعید





سائلیج آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے متعارف کروائی جانے والی اہم اور خاص پروڈکٹ ہے جس کی ملک میں بڑے پیمانے پر کھپت کی گنجائش ہے اور یہ نہایت مناسب وقت ہے کہ اس کے مارکیٹ شیئر کو بڑھانے اور توسیع دینے کیلئے پاکستان کے تمام علاقوں اور تمام صوبوں میں متعلقہ ڈیری فارمرز کو خاص طور پر اس کے بارے میں آگاہی فراہم کی جائے۔ چنانچہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ لائف سائنسز بزنس کی سیڈز ٹیم نے کوئٹہ، بلوچستان میں سائلیج کا تعارف کروانے کیلئے 9 جنوری 2017 کو لائیواسٹاک ایکسٹینشن ڈپارٹمنٹ، کوئٹہ میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔

سب سے پہلے عبدالغفار خانزادہ (نیشنل سیلز منیجر-سیڈز) نے ابتدائی کلمات ادا کئے اور سائلیج کے بارے میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا وژن پیش کیا۔ انہوں نے وضاحت کی کہ اس پروڈکٹ کی تیزی سے مقبولیت کی وجہ یہ ہے کہ یہ پروڈکٹ مویشیوں کیلئے باسہولت بھی ہے اور باکفایت بھی اور اس کے اعلیٰ معیار کی ضمانت دی جاتی ہے۔ انہوں نے شرکاء کو بتایا کہ سائلیج 60KG، 400KG اور ایک ٹن کی پیکنگ میں دستیاب ہے کیونکہ اس کی پیکنگ میں خاص احتیاط اور خصوصی میٹریل استعمال کیا گیا ہے جس کی بدولت اگر یہ فارم ہاؤس میں زیادہ عرصے بھی مناسب طریقے سے اسٹور کی جائے تو محفوظ رہتی ہے۔

کمپنی کی بنیادی سماجی ذمہ داری کے حوالے سے عامر جاوید خان (پروجیکٹ منیجر) نے HSE&S کے بارے میں شرکاء کو آگاہ کیا اور روڈ سیفٹی پر خصوصی توجہ کے ساتھ اہم پیغامات پیش کئے۔ جس کے بعد سائلیج کے معیار اور فوائد کے بارے میں تفصیلی ٹیکنیکل پریزنٹیشن دی گئی۔

سیمینار کے شرکاء میں لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈیولپمنٹ (L S & D D) ڈپارٹمنٹ، بلوچستان کے سینیئر ممبران اور ڈسٹرکٹ آفیسرز شامل تھے جب کہ ڈی جی لائیواسٹاک ڈاکٹر غلام حسین جعفر تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے۔

سیمینار میں شامل معزز مہمانوں میں ڈاکٹر سید عتیق انور شیرازی (سپرنٹنڈنٹ، گورنمنٹ ڈیری فارم، کوئٹہ)، ڈاکٹر عبدالباری (پرنسپل، اینمل سائنسز انسٹی ٹیوٹ L S & D D ڈپارٹمنٹ، بلوچستان) اور قاضی ایاز (آفس اسسٹنٹ، گورنمنٹ ڈیری فارم، کوئٹہ) کے علاوہ ڈسٹرکٹ آفیسرز، بلوچستان حکومت کے عہدیدار اور پروگریسیو کیٹل فارمرز بھی شریک ہوئے۔

اس موقع پر ڈی جی لائیواسٹاک نے معزز مہمانوں کو شیلڈز پیش کیں جبکہ تمام شرکاء کو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے برانڈڈ ٹریول بیگس کا تحفہ دیا گیا۔ سیمینار بہت نتیجہ خیز ثابت ہوا اور LS&DD ڈپارٹمنٹ کے علاوہ آرمی ڈیری فارم کوئٹہ کے ساتھ پروڈکٹ کے آرڈرز کے سلسلے میں ایک معاہدہ طے پایا۔

ڈی جی لائیواسٹاک نے اختتامی کلمات ادا کئے اور اس سیمینار کے انعقاد پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔



ایگری ڈویژن۔فصل شاندار، کاشتکار خوشحال

# گرمیوں کا تحفہ - خربوزہ F1 1301

رپورٹ: انعم شاکر

خربوزہ موسمِ گرما کا نہایت پسندیدہ پھل ہے۔خوش ذائقہ اور غذائیت کے اعتبار سے صحت بخش ہونے کے باعث یہ گرمیوں میں بڑے ذوق وشوق سے کھایا جاتا ہے۔دوسرے صوبوں کے مقابلے میں سندھ میں خربوزے کی کاشت سب سے زیادہ کی جاتی ہے اور اس کا شمار صوبہ کی نقد آور فصلوں میں ہوتا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا حصہ ہونے کی بناء پر ہم اپنے برانڈ کو صارف کی ضروریات کے مطابق توسیع دینے کو اپنا بنیادی اور حقیقی مقصد سمجھتے ہیں۔اس مقصد کے تحت ویجیٹیبل سیڈز کے شعبہ نے F1 1301 کے نام سے خربوزے کی نئی ورائٹی متعارف کروائی ہے۔جس کے لئے سیلز اور ڈیولپمنٹ کی ٹیمیں اس پروڈکٹ کو مقبول بنانے کیلئے پوری طرح کوشاں ہیں۔اس سلسلے میں ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ عامر علی گورایا نے شکار پور میں خربوزے کے کاشتکاروں کے ساتھ ایک ملاقات کا اہتمام کیا۔



یہ حقیقت ہے کہ دوسرے نمایاں برانڈز کے مقابلے میں ہماری ورائٹی کی کارکردگی بہت بہتر ہے۔سخت موسمی حالات اور محدود سرمایہ کاری کے باوجود بہترین نتائج دے رہی ہے۔اس کے بارے میں ہماری ٹیم کو بھی بہت اچھا فیڈ بیک ملا ہے کیونکہ کاشتکار اس پروڈکٹ کے نتائج سے بہت مطمئن ہیں اور انہیں مارکیٹ میں اس کی اچھی قیمت ملنے کی امید ہے۔



یہ جدت کی جانب ہمارا ایک اور قدم ہے جس کا مقصد اپنے کسٹمرز کیلئے نئی اور بہتر ورائٹی کے سیڈز مہیا کرنا ہے تاکہ وہ اچھی فصل اور پیداوار کے ذریعے خوشحال ہوں اور ترقی کریں۔ کیونکہ فصل شاندار تو کاشتکار خوشحال۔

# کریلا ایڈوانٹا F1 110

رپورٹ: انعم شاکر

خوراک کے تحفظ کا مسئلہ ہمارے پرانے مسائل میں سے ایک ہے جو آزادی کے وقت سے چلا آرہا ہے۔اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ ہمارے پالیسی بنانے والوں کی توجہ صرف تجارتی فصلوں پر رہی ہے۔اس صورتحال میں ہمیں اپنی فصلیں اگانے کے متنوع انداز اختیار کرنے ہوں گے اور ایک وقت میں ایک فصل کی بجائے ایک وقت میں کئی فصلیں اگانے کا طریقہ اپنانا ہوگا جو کم وقت میں زیادہ سے زیادہ غذائی اجزاء فراہم کرسکیں۔اس مقصد کے حصول کیلئے موسمی سبزیوں کی کاشتکاری انتہائی آسان اور مناسب حل ہے۔

ایگری ڈویژن کی ویجیٹیبل سیڈز ٹیم نے موسم گرما کی سبزی کریلا ایڈوانٹا F1 110 کے بارے میں پاکپتن کے کاشتکاروں کے ساتھ فیلڈ ڈے منانے کا اہتمام کیا جس میں اردگرد کے کاشتکاروں کو بھی شرکت کی خصوصی دعوت دی گئی۔اس سرگرمی کا مقصد کاشتکاروں کو کریلا F1 110 کی منفرد خصوصیات کے بارے میں آگاہ کرنے کے علاوہ انھیں کاشتکاری کے جدید طریقوں کے بارے میں بھی بتانا تھا۔اس بیج کی کم مدت میں تیار، زیادہ عرصے تک قابل استعمال اور بہتر پیداوار جیسی خصوصیات اسے دوسری مقابل پروڈکٹس سے مختلف بناتی ہیں۔اس سلسلے میں کمرشل فیلڈ ڈے کے دوران کاشتکاروں کو عملی مظاہروں کے ذریعے نئے ایگرو نومک طریقے اپنانے کے بارے میں سکھایا گیا۔ٹیم نے انتہائی موثر اور کارآمد سرگرمی کا انتظام کیا جس کے ذریعے براہ راست اصلی صارف تک پہنچنے اور مارکیٹ کی طلب میں اضافہ کا رجحان پیدا کرنے میں مدد ملی۔





اگیری ڈویژن ۔ فصل شاندار، کاشتکار خوشحال

# گوبھی ایڈوانٹا F1 406 کی کاشت







رپورٹ: انعم شاکر

کارپوریٹ کاروبار کی مجموعی مالیاتی ترقی اور سبزیوں کی مارکیٹ میں برانڈ کو نمایاں طور پر اجاگر کرنے کیلئے مختلف سرگرمیوں کا انعقاد انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ کارپوریٹ ترقی کے اس پہلو کے پیشِ نظر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ایگری ڈویژن کی ویجٹیبل سیڈز ٹیم نے عارف والا میں گوبھی 406 کی کاشت سے متعلق کاشتکاروں کے ایک اجتماع کا انعقاد کیا۔ اس میں مقامی اور گردونواح کے علاقوں سے کاشتکاروں کو فیلڈ ڈے میں شرکت کی دعوت دی گئی جس میں بڑے کاشتکاروں نے بھی شرکت کی ۔ اس تقریب کا اہتمام ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ راشد ارشاد نے کیا تھا۔ ٹیم نے کاشتکاروں کو تکنیکی معلومات سے متعلق تربیت فراہم کی اور کاشتکاری کے جدید طریقوں کو اپنانے پر زور دیا۔ کاشتکاروں نے پروڈکٹ کی کارکردگی کے بارے میں مثبت ردِّعمل کا اظہار کیا۔

پروگرام کے آخر میں پروڈکٹ سے متعلق سوال جواب کا سلسلہ ہوا جس کے بعد شرکاء کی تواضع ریفریشمنٹ سے کی گئی۔

# ٹوٹل ۔ ویسٹا فیلڈ ڈے

رپورٹ: کاشف ریاض

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، لائف سائنسز بزنس ایگری ڈویژن کے ٹوٹل اور ولیسٹا کاشکاروں میں بے حد مقبول برانڈز ہیں۔ 22 فروری 2017 کو ٹوٹل اور ویسٹا کے بارے میں سیریل کراپس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (سی سی آر آئی)، پیر سا بک، نوشہرہ میں فیلڈ ڈے کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کا اہتمام خرم شہزاد ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ، ایگرو کیمیکلز نے کیا۔

اس تقریب میں ویٹ سیکشن کے ایگریکلچر عہدیداروں نے شرکت کی جن میں ویٹ بوٹانسٹ، پلانٹ پیتھالوجسٹ، فارم منیجر، وہیٹ ہربیسائڈز کی تجرباتی پیداوار کے نگراں ریسرچ آفیسر، ریسرچ آفیسر سیریل کروپس اور پروڈکٹ کی خریداری سے متعلق سیریل سیکشن کے فیلڈ اسسٹنٹس شامل تھے۔

ہماری ٹیم نے ان کو کھیتوں میں چوڑے اور نوکیلے پتوں والی جڑی بوٹیوں پر ٹوٹل اور ویسٹا کے نتائج دکھائے جس سے وہ پروڈکٹ کی کارکردگی کے بارے میں نہایت مطمئن اور متاثر ہوئے۔ سی سی آر آئی کے عہدیداروں نے اپنے سیڈ ملٹیپلی کیشن یونٹ میں گندم کی کاشت کے 200 ایکڑ پر ٹوٹل اور ویسٹا کے استعمال میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور ہماری پروڈکٹ کی عمدہ کارکردگی سے متاثر ہوکر انہوں نے اپنی موجودہ پروڈکٹ کی جگہ ٹوٹل اور ویسٹا کے استعمال کا فیصلہ کیا۔ ان کے اس فیصلے سے ہماری ٹیم کی بڑی حوصلہ افزائی ہوئی خاص طور پر اس وجہ سے کہ سرکاری اداروں میں ہمارے برانڈ کی ایسی پذیرائی ہونا بلاشبہ ایک بہت بڑی کامیابی ہے۔



اگیری ڈویژن۔فصل شاندار،کاشتکار خوشحال

# حیدر آباد کے اہم کاشتکاروں سے ملاقات

رپورٹ: باسل سعید





متوقع صارفین کوایک جگہ جمع کرنے اور تمام شرکاء تک جامع پیغام پہنچانے کیلئے کاشتکاروں کی میٹنگ ایک اہم اور موثر ذریعہ ہے۔ اس مرتبہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی سیڈز سیلز اینڈ ڈیولپمنٹ ٹیم نے 16 فروری2017 کو کراؤن ہوٹل، حیدر آباد میں بڑے کاشتکاروں کی میٹنگ کا اہتمام کیا۔ یہ میٹنگ کارن سائیلج کے بارے میں تھی جو سیڈز کے شعبہ کی ایک نہایت اہم اورعمدہ پروڈکٹ ہے۔اس میٹنگ میں کم وبیش 60 بڑے کاشتکاروں نے شرکت کی۔

سب سے پہلے سلیم احمد خانزادہ (ریجنل سیلز منیجر) نے شرکاء کوکمپنی کیHSE&S کی رہنماہدایات سے آگاہ کیااور خاص طور پر موٹر بائیک چلاتے وقت سیفٹی ہیلمٹ کے استعمال کی اہمیت اور ضرورت کواجاگر کیا۔

اس کے بعد عامر جاوید خاں (پروجیکٹ منیجر) نے سائیلج کے بارے میں تفصیلی معلوماتی پریزنٹیشن دی جس میں تمام تیکنیکی اور مارکیٹ کے پہلوؤں کی تفصیلات شامل تھیں اور اس کے ساتھ پروڈکٹ اور اس کے استعمال کے بارے میں واضح انداز سے آگاہ کیا۔اس تیکنیکی پریزنٹیشن کے بعدسوال وجواب کا سلسلہ ہوا جس میں کاشتکاروں نے اپنے تحفظات کا اظہار کیا جب کہ ہماری ٹیم نے ان کے تحفظات سے متعلق وضاحت کرکے ان کو مطمئن کیا۔تیکنیکی پریزنٹیشن کے بعد سلیم احمد خانزادہ نے مارکیٹ ریٹ اور پیک شدہ گانٹھوں کے سائیلج کے فوائد کے بارے میں تفصیل سے بتایا۔

اجلاس میں موجود بعض کاشتکار جو پہلے ہی سے ہماری پیک شدہ سائیلج باقاعدگی کے ساتھ استعمال کررہے ہیں، انہوں نے بھی پروڈکٹ کے موثر ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے اس کے استعمال کے حق میں اپنی رائے کا اظہار کیا۔جس سے دوسرے شرکاء میں بھی پروڈکٹ سے متعلق اعتماد میں اضافہ ہوااور انہوں نے پروڈکٹ اور اس کے فوائد کے بارے میں زیادہ تفصیل سے جاننے میں گہری دلچسپی ظاہر کی۔

ساجد محمود (ٹیکنیکل منیجر) نے اختتامی کلمات ادا کئے اور تمام شرکاء کواپنا قیمتی وقت دینے اور شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا۔

# قدرت کا تحفہ ۔ لمبا کدّو F1 1702



رپورٹ: انعم شاکر

کاروبار کی ترقی کیلئے پروڈکٹ لائن میں توسیع اور پروڈکٹ میں جدّت کا کردار نہایت اہم ہے۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، لائف سائنسز کی ویجیٹیبل سیڈز ڈویژن نے لمبے کدّو کی نئی ورائٹی F1 1702 کے نام سے متعارف کروائی ہے۔اس کی نمایاں خصوصیات ہیں: فصل کی زیادہ گنجائش، جلد تیاری اور سخت موسم کو برداشت کرنا ۔ یہ خصوصیات اس کو مقابلے کی دوسری پروڈکٹس سے ممتاز کرتی ہیں۔

مارکیٹ میں جگہ بنانے کیلئے ٹیم نے واہی پنڈ اور پاک پتن میں فیلڈ سرگرمیوں کا انعقاد کیا۔فیلڈ ڈے اور کاشتکاروں کے اجتماع کی تقریبات کا انتظام ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ راشد ارشاد، عمر علی گورایا نے ٹیکنیکل ڈیولپمنٹ منیجر سمیع اللہ کے ساتھ مل کر کیا۔

مجموعی طور پر کاشتکاروں کی جانب سے اس پر انتہائی مثبت فیڈ بیک حاصل ہوئی کیونکہ صارفین اس کے نتائج سے بے حد مطمئن تھے۔ دوسری خصوصیات کے علاوہ کاشتکاروں نے اس کے وائرل کے حملے کی شدید مزاحمت کرنے کو بہت سراہا جو آج کل کی فصلوں کا بہت سنگین مسئلہ ہے۔



ایگری ڈویژن

# سیڈز ڈویژن کی دائرۂ عمل کی میٹنگ

رپورٹ: باسل سعید

سیلز اینڈ ڈیولپمنٹ ٹیموں کی سہ ماہی میٹنگز آپس میں اور انتظامیہ کے ساتھ ایک جگہ ملاقات اور تبادلۂ خیال کا موقع فراہم کرتی ہیں۔ان میں جہاں ٹیموں کو تیکنیکی پیش رفت کی تازہ ترین صورتحال سے آگاہ رکھا جاتا ہے وہاں ان سے براہِ راست فیڈ بیک بھی حاصل ہوتا ہے۔

ایگری ڈویژن کے سیڈ زکے شعبہ نے ملتان گیریزن میس میں13-14 جنوری2017 کو دوروزہ دائرۂ عمل کی میٹنگ کا اہتمام کیا جس کا مقصد ٹیم کی تیکنیکی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنا تھا۔اس میٹنگ میں پاکستان بھر سے سیڈز کے شعبہ کی سیلز اینڈ ڈیولپمنٹ ٹیموں نے شرکت کی۔

ٹیکنیکل ٹیم کی جانب سے آنے والے موسم کی پروڈکٹس کیلئے ان ہاؤس تربیت کا انتظام کیا گیا جس میں سن فلاور، اسپرنگ کورن، سائیلج اور فوڈر شامل ہیں۔جس میں ٹیم کو طریقہ کار سے بہتر واقفیت کا موقع دینے کیلئے کوالٹی ایشورنس اور سیڈز کی مقامی پیداوار کی معلومات فراہم کی گئیں۔اس کے بعد بزنس منیجر، ایگری عبدالوہاب نے استقبالیہ خطاب کیا۔انہوں نے ٹیم کو مارکیٹ کی حالیہ صورتحال اور سیڈز ٹیم کی کارکردگی کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے وژن، مشن اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے بارے میں بھی آگاہ کیا اور ٹیم پر زور دیا کہ وہ اخلاقی اصولوں پر عمل کریں اور اپنی معلومات اور خدمات کے ذریعہ دوسرے مسابقتی اداروں کے مقابلہ میں نمایاں مقام حاصل کریں۔

تلاوت کلام پاک کے بعد سب سے پہلے راؤ عامر شریف، پروڈکٹ منیجر نے ٹیم میں شامل ہونے والے نئے ساتھیوں کا ٹیم سے تعارف کروایا۔اس کے بعد ٹیکنیکل پریزنٹیشن اور دوسری سرگرمیوں کا باقاعدہ آغاز ہوا۔میٹنگ کے دودنوں کے دوران میں نویدالحق (ریسرچ ایگرونومسٹ) جمیل سولنگی (ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ) اور ضیاالاسلام (ڈیولپمنٹ ایگرونومسٹ) نے ٹیم کو دوسروں کے مقابلے میں فیلڈ میں اور دوسری جگہ زیادہ موثر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کیلئے اہم معلومات فراہم کیں۔سیڈز کے شعبہ کی سیلز اینڈ ڈیولپمنٹ ٹیم کے لئے سائیلج کے سلسلے میں ایک خصوصی تربیتی پروگرام کا اہتمام کیا گیا جس میں عامر جاوید خان (پروجیکٹ منیجر سائیلج) نے اجلاس سے خطاب کیا اور ٹیکنیکل ٹریننگ کی پریزنٹیشن دی انعم شاہین (ایچ آر لرننگ اینڈ ڈیولپمنٹ منیجر) نے ویڈیو کون سیشن کے ذریعہ اخلاقی طرزعمل اور کمپنی کے ضابطۂ اخلاق کے بارے میں ٹیم کے ارکان سے گفت وشنید کی۔ اس طرح مذکورہ موضوع کی خاص خاص باتیں ٹیم کے ذہن میں تازہ ہوگئیں۔

ساجد محمود(ٹیکنیکل منیجر) نے شکایتوں کے ازالے سے متعلق ایک پریزنٹیشن دی جس میں ٹیم پر واضح کیا گیا کہ کسی بھی قسم کی شکایت ہمیں اپنی کاردکردگی کا دوبارہ جائزہ لینے پر مجبور کرتی ہے اور اس سے ہم بہتری کی طرف جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہر شکایت کو کس طرح مثبت انداز میں سمجھا جائے اور اس کو سیکھنے اور کام میں بہتری لانے کا موقع سمجھا جائے۔

ٹیم کی معلومات میں اضافہ اور تربیت کے موثر ہونے کی جانچ کیلئے اس دو روزہ پروگرام میں دی گئی تربیت سے متعلق مختلف ٹیسٹ اور مشقیں کی گئیں۔ٹیم میں اعتماد کی سطح بڑھانے کیلئے تمام شرکاء کے ساتھ کامیابی کی کہانیاں بھی شیئر کی گئیں اور ان کو پروڈکٹ کے نتائج کی معلومات اور تصاویر بھی فراہم کی گئیں۔

عبدالغفار خانزادہ۔نیشنل سیلز منیجر، سیڈز نے تقریب سے اختتامی خطاب کیا اور پروڈکٹس کے بارے میں جانچ کے ٹیسٹ اور مشقوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں میں انعامات تقسیم کیئے۔





ایگری ڈویژن۔فصل شاندار، کاشتکار خوشحال

# آیئے ٹماٹر اگائیں ۔ ایڈوانٹا F1 1225

رپورٹ: انعم شاکر

کاروبار کے فروغ اور برانڈ کی مقبولیت کا ہدف حاصل کرنے کیلئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، لائف سائنسز بزنس کا ویجیٹیبل سیڈز ڈویژن مختلف مارکیٹس میں رسائی حاصل کر رہا ہے۔

اس سلسلے میں ڈیولپمنٹ اینڈ سیلز ٹیم کی مشترکہ کوششوں سے ٹماٹر کی ایڈوانٹا F1 1225 قسم کو دور دراز علاقوں میں کامیابی سے متعارف کروانے میں مدد ملی ۔ اس کیلئے سیلز اینڈ ٹیکنیکل ٹیم نے ساکرو، مدیجی، واہی پنڈ، مردان، مانسہرہ اور مہمند ایجنسی میں مختلف فیلڈ سرگرمیوں، کاشتکاروں کے اجتماع اور فیلڈ ڈے کا اہتمام کیا۔

ان میں کاشتکاروں کو ٹماٹر کی ایڈوانٹا F1 1225 قسم کی مختلف خصوصیات کے بارے میں بتایا گیا؛ ٹیم نے پروڈکٹ کے مفید اجزاء کو خاص طور پر واضح کیا اور بوائی کے طریقے اور نرسری کی تیاری پر گفت وشنید کی ۔اس کا بنیادی مقصد تیکنیکی معلومات کی فراہمی کے ذریعے کاشتکاروں میں برانڈ کے بارے میں آگہی پیدا کرنا تھا تاکہ کاشتکار پروڈکٹ سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرسکیں۔ٹیم کو کاشتکاروں کی جانب سے مثبت فیڈ بیک حاصل ہوئی کیونکہ وہ فصل کی بہترین پیداوار اور وائرس کے خلاف قوتِ مدافعت سے انتہائی مطمئن ہیں۔








## ڈیرہ مراد جمالی اور ٹنڈو الہیار

# ٹماٹر کی فیلڈ مہم

ٹماٹر ہر سبزی مارکیٹ کا ایک لازمی جزو ہے۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ویجٹیبل ڈیولپمنٹ ٹیم نے ڈیرہ مراد جمالی کے علاوہ ٹنڈو الہ یار (بالائی سندھ) میں بھی ٹماٹر کے بیج ایڈوانٹا F1 1225 کے بارے میں ایک فیلڈ مہم کا اہتمام کیا۔

اس سرگرمی کا مقصد کاشتکاروں کو ٹماٹر کی مختلف اقسام کی پیداوار کے سلسلے میں تفصیلی معلومات فراہم کرنے کے علاوہ ٹماٹر کے آنے والے موسم کیلئے کاشتکاروں کو تیار کرنا تھا۔اس کے ساتھ ساتھ صارفین کی مارکیٹ میں اپنی پروڈکٹ کی طلب کو تسلی بخش حد تک بڑھانے کا ہدف بھی حاصل کرنا تھا۔

فیلڈ سرگرمی کے بعد ٹیم نے گھر گھر جا کر کسانوں کے ساتھ ملاقاتیں کیں، تجارتی نوعیت کے تجربے کئے اور فیلڈ کے پروگرام ترتیب دیئے تاکہ زیادہ سے زیادہ مارکیٹ شیئر حاصل کیا جاسکے۔

اس کے علاوہ کاشتکاروں کو بہتر پیداوار کے حصول کیلئے اہم تیکنیکی معلومات فراہم کی گئیں اور انہیں پروڈکٹ کے فائدوں سے آگاہ کیا گیا اور عملی مظاہرہ کے ذریعہ جدید زراعتی طریقے اختیار کرنے کے بارے میں سمجھایا گیا۔

ٹیم کی یہ ایک نہایت موثر اور نتیجہ خیز سرگرمی تھی جس کے ذریعہ اصل صارف تک براہ راست پہنچنے اور مارکیٹ میں پروڈکٹ کی طلب میں اضافہ کا ہدف حاصل کرنے میں مدد ملی۔

فارماڈویژن

میری آنکھیں روشن نہیں ہیں تو کیا ہوا۔ میرے دل و دماغ تو روشن ہیں۔

# تعارف وقاص روشن

(ٹیلی فون آپریٹر) سرن ہیڈ آفس اسلام آباد




وقاص روشن ہمارے دفتر کے ایک مستعد کارکن، ہمہ وقت پوری لگن سے اپنے کام میں مگن، زندگی کی جدوجہد میں مکمل طور پر سب کے شانہ بشانہ، سب کے ہمقدم ہو کر آگے بڑھ رہے ہیں۔ سرن کے ہیڈ آفس میں ٹیلی فون آپریٹر کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ وقاص ایک ایسے باہمت انسان ہیں جو پیدائشی طور پر نابینا ہونے کے باوجود زندگی کے تمام تر دفتری اور نجی معمولات کسی بھی دوسرے انسان کی طرح نارمل طریقے سے سرانجام دیتے ہیں۔ وقاص اہلیہ اور دو بچوں کے ساتھ ایک بھرپور فیملی لائف گزار رہے ہیں۔ تعلیمی استعداد کے حوالے سے وقاص نے پاکستان سٹڈیز میں ایم ایس سی قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد سے کی۔

وقاص ہمارے دفتر کے ایک ایسے ساتھی جو قابل رشک یادداشت کے حامل ہیں اور جب ٹیلی فون ایکسچینج پر مہارت اور برق رفتاری کے ساتھ اپنی انگلیاں چلاتے ہیں تو دیکھنے والے حیرت زدہ رہ جاتے ہیں۔ اس تیز تر رفتار کے باوجود غلطی کا امکان نہ ہونے کے برابر۔ دفتر آتے ہوئے انہیں ایک سے زیادہ مرتبہ سواری کو بدلنا اور تقریباً تیس کلومیٹر کا یکطرفہ سفر طے کرنا پڑتا ہے مگر اس کے باوجود نظم و ضبط کے پابند ہیں اور ہمیشہ بروقت دفتر پہنچتے ہیں۔ وقاص سرن کی انتظامیہ کے فراخ دلانہ رویے کو ہمیشہ اچھے الفاظ میں یاد کرتے ہیں جس نے انہیں فرائض کی بخوبی اور باسہولت انجام دہی کیلئے ہر ممکن طریقے اور عمل کو اختیار کیا اور ہر طرح سے اُن کی حوصلہ افزائی کی۔

وقاص خاص طور پر اپنے کالج دور کے ایک مشفق استاد بشیر احمد اور اُن کی حوصلہ افزائی کو کبھی نہیں بھولتے۔ یہ بشیر احمد صاحب ہی تھے جو اِن کی زندگی میں نت نئے چیلنجز لاتے رہے اور انہیں آگے بڑھنے کا یقین اور اعتماد دلاتے رہے۔ اور اس دیئے گئے یقین اور خوداعتمادی کی بدولت وقاص آج نابینا ہونے کے باوجود دوسرے عام لوگوں کی طرح شانہ بشانہ علمی طور پر اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں اور اپنے خاندان کا واحد سہارا بنے ہوئے ہیں۔

وقاص چھ بہن بھائیوں پر مشتمل کنبہ کا حصہ ہیں جن میں سے تین بہن بھائی پیدائشی نابینا ہیں۔ ایک نابینا بھائی ہائی کورٹ میں وکالت کرتے ہیں جبکہ ان کی نابینا بہن اسپیشل ایجوکیشن میں درس و تدریس کے امور سرانجام دے رہی ہیں۔ موسیقی سے خصوصی لگاؤ کی وجہ سے فرصت کے اوقات میں وقاص اپنے مشغلوں میں سب سے زیادہ وقت کی بورڈ اور گائیکی کی مشق کرنے میں صرف کرتے ہیں۔

وقاص نے باقاعدہ اپنی ملازمت کا آغاز پاکستان کی ایک سیاسی جماعت کے مرکزی دفتر میں بطور میڈیا مانیٹرنگ انچارج سے کیا اور ساتھ میں جزوقتی بزنس کنسلٹنٹ کے طور پر قابل تجدید توانائی سے منسلک ادارے سے بھی وابستہ رہے۔ پھر معروف ایڈورٹائزنگ ایجنسی اور بینٹ میں بطور فرنٹ ڈیسک آفیسر بھی رہے۔ اس ادارے میں چھ سال خدمات سرانجام دینے کے بعد وقاص نے سرن میں بطور ٹیلی فون آپریٹر شمولیت اختیار کر لی جہاں وہ آج تک ذمہ دار اور مستعد رکن کے طور پر اپنے فرائض کما حقہ سرانجام دے رہے ہیں۔

زندگی اور اس کے تصورات کے بارے میں وقاص کا فلسفہ یا نظریات بہت عملیت پرستی پر مبنی ہیں۔ خوبصورتی اُن کے نزدیک کردار کی ہونی چاہئے نہ کہ ظاہری شخصیت کی۔ وقاص ایک درد دل رکھنے والے حساس انسان ہیں جو کبھی کبھار معاشرتی رویوں کی وجہ سے دل برداشتہ بھی ہو جاتے ہیں مگر اپنی خوداعتمادی اور خود پر یقین کی صلاحیت کی بنیاد پر خود کو واپس زندگی میں پوری طرح رواں دواں کرنے میں کامیاب بھی ہو جاتے ہیں۔ شاید یہی وہ جذبہ ہے جس کی بدولت وہ زندگی کے ہر کٹھن اور دشوار مرحلہ سے وہ باآسانی نبرد آزما ہو جاتے ہیں۔

# پاکستان سوسائٹی آف گیسٹرو انیٹرولوجی کا ۳۳ واں اجلاس

۹ مارچ سے لے کر ۱۱ مارچ ۲۰۱۷ کے درمیان امراض معدہ اور جگر کی قومی سوسائٹی کا سالانہ اجلاس پرل کانٹینینٹل کراچی میں منعقد ہوا۔ جس میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ذیلی ادارے سرن فارما نے بھی بھرپور شرکت کی۔ اس سالانہ اجلاس میں امریکن کالج آف گیسٹرو انیٹرولوجی کی بھی معاونت تھی۔ اس کانفرنس کے تین دنوں میں بہت سے معلوماتی اور اہم لیکچرز اور ورکشاپس بھی منعقد کی گئیں جس میں سب سے اہم موضوع کالے یرقان یعنی ہیپاٹائٹس سی کا علاج سرفہرست تھا۔ اس کانفرنس کے کامیاب انعقاد کیلئے انتظامیہ نے پاکستان سمیت دنیا بھر سے نامور ماہرین کو بطور مقرر مدعو کیا ہوا تھا۔

اس کانفرنس کا انعقاد سرن کیلئے اس لحاظ سے برموقع اور خوش آئین تھا کہ اس کے ذریعے سرن فارماسیوٹیکلز نے اپنی کالے یرقان یعنی ہیپاٹائٹس سی کے علاج کے لئے اپنی آئندہ آنے والی دوا سوبر (SOVIR) کو متعارف کروایا۔ کانفرنس نے سرن کی ٹیم کو ایک موقع دیا کہ وہ اس حوالے سے اس شعبہ امراض کے سرکردہ اور نمایاں لوگوں کو پروڈکٹ کے بارے میں آگاہ کریں اور ان سے اپنے تعلقات بنا سکیں۔



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی طرف سے سرن کی ملکیت کے حصول کے بعد یہ پہلا موقع تھا جس میں دونوں نے ایک ہی مشترکہ پلیٹ فارم پر اپنا سٹال لگایا۔

بعد ازاں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور سرن فارما کی طرف سے قرعہ اندازی کا انعقاد کیا گیا جس میں طب کی اہم کتابیں اور دوسرے آلات بطور تحفہ تقسیم کئے گئے۔



کانفرنس کی انتظامیہ نے صدق دل سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور سرن فارما کا اس کانفرنس کے کامیاب انعقاد میں شمولیت اور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔

فارماڈویژن ۔ زندگی صحت کے ساتھ

# سویر (SOVIR) پروڈکٹ لانچ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ذیلی کمپنی سرن فارما کی طرف سے اسلام آباد کے مقامی ہوٹل بیسٹ ویسٹرن میں کالے یرقان یعنی ہیپا ٹائٹس سی کے علاج کے لئے آج کی مستند ترین منہ کے ذریعے لی جانے والی سوفو سبویر کو (SOVIR) کے نام سے لانچ کیا گیا۔ یہ تربیتی پروگرام دو دن پر مشتمل تھا جس میں پلمو کیئر گروپ کے تمام تر لوگ موجود تھے۔ دو دن کے تربیتی پروگرام میں تمام تر شرکاء بہت پر جوش تھے اور تہہ دل سے ان نئ دوا کی مارکیٹ میں کامیابی کے لئے پر عزم تھے۔ ٹریننگ اور کامیاب مارکیٹنگ کی منصوبہ بندی کے حوالے سے کئ دور چلے۔ بنیادی ٹریننگ کے حوالے سے آئی سی آئی پاکستان کے شعبہ ٹریننگ کے طالب حسین فاروقی اور مارکیٹنگ کی منصوبہ بندی کے حوالے سپلمو کیئر اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر جاوید مصطفیٰ الیاس بالترتیب ہم رکاب تھے۔ اس ضمن میں ہیڈ آفس کے دوسرے صاحبان جناب فیضان فیروز بزنس یونٹ منیجر پلمو کیئر اور جناب منصور خان ٹیم لیڈ ٹریننگ سرن فارما بھی ہمراہ تھے۔

پہلے دن تلاوت قرآن مجید سے آغاز ہوا۔ جس کے بعد قومی ترانہ پڑھا گیا۔ اس کے بعد جنرل منیجر سیلز اینڈ مارکیٹنگ جناب عامر کاکڑ کی طرف سے ابتدائی کلمات ادا کئے گئے۔ اس کے بعد باقی ساری چیزیں طے شدہ منصوبہ بندی کے تحت شروع کی گئیں اور پایہ تکمیل تک پہنچائیں گئیں۔

دوسرے دن کے طے شدہ معمولات کا بنیادی مقصد گزشتہ دن کی تربیت کی جانچ اور کوئز تھا۔ اس کے علاوہ ماڈل ڈیٹیلنگ کا ہر شریک کی طرف سے فرداً عملی مظاہرہ بھی تھا۔

دوسرے دن کی کاروائی میں شرکاء کو HCV کی سکریٹنگ کٹ کا عملی استعمال کا سکھانا بھی تھا جو اس نوع کی ادویات کے ضمن میں مریضوں کی آگاہی کے لئے ایک اہم حصہ ہے تاکہ شرکاء تربیت پورے اعتماد کے ساتھ سکریننگ کے اس طریقہ کار کو اپنے اپنے کام کی جگہوں پر بخوبی استعمال کر سکیں۔











فارما ڈویژن

# APICON 2016 میں شرکت





آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے ہمیشہ طبّی شعبہ میں سیکھنے والوں کیلیئے تعاون کرنے میں فخر محسوس کیا ہے، خاص طور پر ایسے شعبہ میں جو مریضوں کے علاج کیلیئے انتہائی اہمیت کا حامل ہو۔اس روایت کو برقرار رکھتے ہوئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ فارما کی اونکولوجی کے شعبے نے سالانہ قومی کانفرنس برائے انستھیزیا، انٹینسیو کیئر اینڈ پین منیجمنٹ (APICON) میں شرکت کی ۔ یہ کانفرنس 6-4 نومبر تک ملتان میں منعقد ہوئی۔

اس کانفرنس میں نامور ماہرین نے ان تین موضوعات کے شعبہ جات پر معلومات سے بھرپور پریزنٹیشنز دیں۔کانفرنس میں علاج کی جدید ترین تحقیق سے لے کر علاج کے اضافی طریقہ کار کے بارے میں ملک بھر سے آئے ہوئے 900 سے زائد مشہور و معروف اینیتھیولوجسٹس اور فزیشنز کے درمیان سیر حاصل گفت و شنید ہوئی۔اس تقریب میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے ایک خصوصی کیاسک قائم کیا جس میں Meronem اور Diprivan جیسی پروڈکٹس رکھی گئیں تھیں۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے اینستھیزیا کی طویل عرصہ سے معروف دوا Diprivan کا دوبارہ اجراء کیا ہے جبکہ Meronem ملک میں سب سے زیادہ فروخت ہونے والی Carbepenem ہے۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے چند مشہور صاحب الرائے ماہرین سے گفتگو کے دوران تقریب کے بارے میں ان کے تاثرات معلوم کئے تو انہوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی کانفرنس میں شرکت کو بے حد سراہا جس کے ذریعے ماہرین کو ہماری پروڈکٹ اور شعبے کے ماہرین سے تبادلہ خیال کا موقع ملا۔

سر اور گردن کا کینسر

# اسلام آباد میں سمپوزیم

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے شفاء انٹرنیشنل ہسپتال، اسلام آباد کے اشتراک سے مختلف اقسام کے سر اور گردن کے سرطان کے بارے میں ایک سمپوزیم کا انعقاد کیا۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ لائف سائنسز بزنس طبی معاملات سے متعلق پروگراموں میں تعاون کیلیئے ہمیشہ پیش پیش رہتے ہیں۔

چنانچہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی اونکولوجی ٹیم نے مختلف اقسام کے سر اور گردن کے سرطان کے بارے میں منعقد ہونے والے سمپوزیم کیلیئے شفاء انٹرنیشنل ہسپتال کے اشتراک سے اپنی خدمات پیش کیں۔ یہ سمپوزیم 21 اور 22 جنوری 2017 کو اسلام آباد میں منعقد ہوا۔

اس تقریب میں اونکولوجی کی دنیا کے شہرت یافتہ ماہرین نے شرکت کی اور اونکولوجی کیلیئے جدید ترین طبّی تحقیق کے حوالے سے متعلق مختلف موضوعات پر متعدد لکچر دیئے اور پینل مباحثوں میں حصہ لیا۔اس کے علاوہ کئی مختلف موضوعات جیسے پیتھالوجی، سرجری اور ریڈی ایشن اونکولوجی کے بارے میں ورکشاپس بھی منعقد کی گیئں ۔ان پروگراموں کے شرکاء ماہرین میں ڈاکٹر مامون رشید (چیئر مین، کانفرنس)، ڈاکٹر راشد نذیر اور ڈاکٹر محمد فرّخ کے نام نمایاں ہیں۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے اس موقع پر ایک کیاسک بھی قائم کیا جہاں مذکورہ مرض کیلیئے اپنی اوّلین پروڈکٹس Mucodur رکھی گئی تھیں۔ اس طرح کانفرنس ہال کے باہر بھی شرکاء کی دلچسپی کا ماحول پیدا ہوگیا۔تقریب میں شامل معروف اونکولوجسٹس اور ریڈیولوجسٹس نے اس پروڈکٹ رینج کا معائنہ کیا اور ملک میں کینسر کے مریضوں کیلیئے اس کی استعداد اور فوائد کے بارے میں گفت وشنید کی۔





فارما ڈویژن۔زندگی صحت کے ساتھ

## عالمی یومِ سرطان

# نمرا ہسپتال کے ساتھ اشتراک

دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی 4اپریل کو عالمی یومِ سرطان منایا گیا۔اس سلسلے میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے نمرا ہسپتال جامشورو کے اشتراک سے ایک روزہ خصوصی آگہی پروگرام اور کینسرواک کا اہتمام کیا۔اس خصوصی کینسرواک میں تقریباً 300 افراد نے شرکت کی جن میں صحت کے پیشہ ور افراد اور میڈیکل کے طلبہ شامل تھے۔واک کے بعد "پاکستان میں کینسر سے بچاؤ" کے موضوع پر تقاریر اور آگہی کے پروگرام پیش کئے گئے جن میں جامشورو اور حیدرآباد سے میڈیکل کے طلبہ اور ڈاکٹرز نے بڑے جوش وخروش سے حصہ لیا۔ پاکستان کے دیہی علاقوں میں لوگوں کو کینسر کی علامات اور آثار کے بارے میں ابھی تک بہت کم معلومات ہیں۔اس سلسلے میں لوگوں کو آگہی فراہم کرنے کے لئے مزید پروگرام ترتیب دینے کا عزم کیا گیا۔




# فیملی کون (FAMILYCON)

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ لائف سائنسز بزنس کے فارماسیوٹیکلز ڈویژن اور پاکستان اکیڈمی آف فیملی فزیشنز لاہور کے اشتراک سے 27 تا 29 جنوری 2017 کو لاہور میں "27ویں بین الاقوامی کانفرنس برائے فیملی میڈیسن: FAMILYCON" کا انعقاد کیا گیا۔کانفرنس کا موضوع تھا: "صحت مند قوم کیلئے فیملی فزیشنز کو بااختیار بنانا"

اس تقریب کو نتیجہ خیز بنانے کیلئے انتظامی کمیٹی نے پاکستان کے علاوہ دیگر ممالک سے بھی مختلف ماہرینِ صحت کو دعوت دی جن میں اسپیشلسٹ، ڈاکٹرز، ٹیکنیشنز، نرسز،اور خاص طور پر اہم صاحب الرائے افراد شامل تھے۔

کانفرنس کے آغاز سے قبل بھی مختلف پروگرام ترتیب دیئے گئے تھے جن میں ورکشاپس، صحت کے پیشہ ور افراد کے لئے تسلیم شدہ CME پروگرام، سکل ڈیولپمنٹ کیلئے عملی ورکشاپس، طبی تعلیم کے فورم، پالیسی سازوں کے لئے ابتدائی دیکھ بھال کے اجلاس، بنیادی صحت کی دیکھ بھال کیلئے ابتدائی فیملی میڈیسن سمٹ اورفرسٹ ایڈ کی ٹیموں کیلئے موضوعاتی اجلاس منعقد کئے گئے۔

ان میں فیملی فزیشنز کے علاوہ عام علاج کرنے والے میڈیکل آفیسرز، نرسیں، صحت کے کارکن، پبلک اور سول سوسائٹی فورم، نامور بین الاقوامی اسپیکرز اور اساتذہ نے شرکت کی جب کہ پاکستانی اور بین الاقوامی ہیلتھ کیئر ادارے بھی شریک ہوئے۔

مقررین نے دورانِ علاج طریقہ کار اور کارڈیوویسکولر کے شعبہ میں ہونے والی تحقیق کے ساتھ ساتھ نئی اور ایڈوانسڈ تیکنیک کے استعمال پر زور دیا۔انہوں نے انٹرویشنل کارڈیالوجی سے متعلق مختلف طریقہ کار اور تیکنیک کے بارے میں اپنے علاج معالجہ کے تجربات سے بھی آگاہ کیا۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو کارڈیالوجی کے شعبہ میں بلند مقام حاصل ہے تاہم اس پلیٹ فارم سے ہم کو باہمی گفت وشنید کے مواقع بڑھانے اور اہم اورنامور ماہرین سے تعلقات مضبوط کرنے اور کارڈیوویسکولر کے شعبہ میں کمپنی کے نام کو مزید نمایاں کرنے کا موقع ملا۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے اس تقریب میں خیرسگالی کے طور پر ماہرین کے باہمی تبادلہ خیال کیلئے ایک مخصوص جگہ کا انتظام کیا جہاں شرکاء نے ایک پرسکون اور خوشگوار ماحول میں ایک دوسرے سے گفت وشنید کی اس کے علاوہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ کار اور معاون ادارہ ہونے کی بناء پر اس تقریب میں ایک رسمی قرعہ اندازی کا اہتمام بھی کیا جس میں جیتنے والوں کو کارڈیالوجی سے متعلق معیاری کتب کا تحفہ پیش کیا گیا۔






# سالانہ بزنس کانفرنس

ہم زندگیوں میں بہتری لاتے ہیں۔

لائف سائنسز بزنس کی سالانہ بزنس کانفرنس 23 مارچ سے 27 مارچ تک تھائی لینڈ میں منعقد کی گئی۔

لائف سائنسز بزنس کی تاریخ میں یہ اب تک کی سب سے بڑی کانفرنس تھے جس میں بزنس کے تمام اسٹاف کے علاوہ کارپوریٹ فنکشنز سے بھی کچھ لوگوں کو شرکت کی خصوصی دعوت دی گئی تھی۔

کانفرنس نے بزنس کے تمام اسٹاف کو یہ موقع فراہم کیا کہ ایک جگہ بیٹھ کر اپنی کامیابیوں کے بارے میں ایک دوسرے کو آگاہ کریں اور اس عزم کا اعادہ کریں کہ ہم زندگیوں میں بہتری لائیں گے۔کانفرنس کا موضوع تھا" تیزتر(Accelerate)"۔ کانفرنس میں شرکاء کیلئے مختلف دلچسپ اور تجسس سے بھر پور پروگرام رکھے گئے تھے۔

تھائی لینڈ آمد کے بعد رات کو کانفرنس کا افتتاحی عشائیہ رکھا گیا تھا جس میں شاندار آتشبازی کا مظاہرہ اور مشہور گلوکار ابرار الحق کی بہترین پرفارمنس شرکاء کیلئے ایک یادگار لمحہ تھی۔اس سے قبل تھائی لینڈ کے ثقافتی لباس میں ملبوس میزبانوں نے شرکاء کی آمد پر ان کے گلے میں رنگارنگ پھولوں کے ہار ڈالے اور ناریل کا پانی پیش کیا۔

اگلے دن صبح ناشتے کے بعد تمام شرکاء کیلئے موٹر سائیکلوں پر جمناسٹک کا مظاہرہ تھا جس کے بعد کانفرنس کا باقاعدہ آغاز ہوا۔

کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے وائس پریذیڈنٹ لائف سائنسز بزنس سمیع کشمیری اور چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ نے سال 2015-2016 کے دوران بزنس کے تینوں ڈویژن کی شاندار کارکردگی کو خراجِ تحسین پیش کیا اور کہا کہ ہمیں آپ لوگوں پر فخر ہے۔انھوں نے امید ظاہر کی کہ بزنس آئندہ بھی اسی کارکردگی کا مظاہرہ جاری رکھے گا۔جس کے بعد فارماسیوٹیکلز، اینیمل ہیلتھ، اور سیڈز ڈویژن نے اپنے اپنے ڈویژن کی کارکردگی کے بارے میں بتایا۔

کانفرنس کا پہلا دن اکیڈمک سیشنز پر مشتمل تھا جس میں بزنس کے تینوں ڈویژن کے اسٹاف نے مختلف پروجیکٹس کے بارے میں مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل تلاش کیئے۔

وائس پریذیڈنٹ سمیع کشمیری نے بزنس کی کارکردگی کے بارے میں تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ ہمارے فارماسیوٹیکلز ڈویژن نے زخم کے علاج کی نئی دوا مارکیٹ کی ہے۔اس کے ساتھ ہم نے سرن فارماسیوٹیکلز کو خرید لیا ہے جبکہ وائتھ پاکستان کے مخصوص اثاثے خریدنے کا معاہدہ بھی پایہ تکمیل تک پہنچ رہا ہے۔اس کے علاوہ ہم نے 8 نئی پروڈکٹس مارکیٹ میں پیش کی ہیں اور ہم نے خواتین کے حسن میں اضافے کیلئے بیوٹی سیلون کی مارکیٹ میں ریپور برانڈ پیش کیا ہے۔

اگیری ڈویژن کے بارے میں انھوں نے کہا کہ ڈویژن نے 13 مختلف پروڈکٹس مارکیٹ میں پیش کیں ہیں اور اب یہ ڈویژن 1 بلین روپے کی مارکیٹ سے آگے چلا جائیگا۔اس کے علاوہ سالیج مارکیٹ میں بھی ہم نے قدم رکھ دیا ہے اور مٹر کی دونئ اقسام کلائمکس اور گرین کراس بھی مارکیٹ میں پیش کی گئی ہیں۔اسی دوران ہم نے ملک بھر کے 80,000 سے زائد کاشکاروں سے ملاقاتیں کیں اور 3 نئے یوروپی پرنسپلز سے بھی رابطے ہوئے۔

انھوں نے بتایا کہ اینیمل ہیلتھ ڈویژن کی ٹیم نے بھی اس دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ جہاں ہمارا پولٹری کا شعبہ مارکیٹ میں نمایاں طور سے پیش قدمی کر رہا ہے وہیں ہم نے مویشیوں میں مصنوعی تخم ریزی کے میدان میں بھی قدم رکھ دیا ہے۔ ہمارا فارمرز چوائس وانڈا اور سوماٹیک براںڈ اب 1 بلین مارکیٹ کا سنگ میل عبور کر رہے ہیں۔ بزنس ٹیم نے اپنی انتھک محنت کی بدولت 20 ہزار ڈیری فارمرز سے ملاقاتیں کیں اور ان کیلئے مویشیوں کی دیکھ بھال کے حوالے سے آگاہی سیشنز کیلئے کیونکہ آپ کا مویشی آپ کا سرمایہ، بزنس کا نعرہ ہے۔












لائف سائنسز

## بہترین پرفارمنس ایوارڈ ونرز۔ فارماسیوٹیکلز ڈویژن







## بہترین پرفارمنس ایوارڈ ونرز۔ اینیمل ہیلتھ ڈویژن







بہترین پرفارمنس ایوارڈ ونرز۔ ایگری ڈویژن








رات میں گالا ڈنر اور سال 16-2015 کے دوران بہترین کارکردگی پر پرفارمنس ایوارڈ کی تقریب تھی جس کے بعد میوزک کا پروگرام تھا جو رات گئے تک جاری رہا۔

اگلے دن ٹیم بلڈنگ کی مختلف سرگرمیاں تھیں کانفرنس کا اختتام بنکاک میں ہوا جس میں بزنس ایگزیکٹو ٹیم کے ممبران نے بتایا کہ ہم لوگوں کی زندگیوں میں بہتری لانے کیلئے کیا کر سکتے ہیں۔

کانفرنس کے اختتامی مرحلے میں تمام شرکاء کو پوسٹ کارڈ دیئے گئے اور انھیں کہا گیا کہ ان کارڈز کو ایک بورڈ پر اس طرح سے لگائیں کہ We Improve Live بن جائے۔ یہ بڑی دلچسپ سرگرمی تھی اور تمام لوگوں نے اس میں بڑی گرم جوشی سے حصہ لیا۔




## بزنس کارکردگی کی جھلکیاں

**فارماسیوٹیکلز:**

- ایڈوانس وونڈ کیئر (زخم) پروڈکٹ لانچ
- سرن فارماسیوٹیکلز کا حصول
- وائتھ پاکستان کے مخصوص اثاثے
- 8 نئی پروڈکٹس مارکیٹ میں پیش بمعہ
- ریپاور، جرمن بیوٹی برانڈ، بیوٹی سیلون کی مارکیٹ کیلئے

**اینیمل ہیلتھ:**

- مویشیوں کیلئے مصنوعی تخم ریزی پروڈکٹ لانچ
- پولٹری ڈویژن کی مارکیٹ میں پیش قدمی
- فارمرز چوائس، وانڈا اور سوماٹیک 1 بلین برانڈ
- 20,000 سے زائد ڈیری فارمرز سے رابطے اور آگاہی

**ایگری:**

- 13 نئی پروڈکٹس مارکیٹ میں پیش
- 1 بلین مارکیٹ کا سنگ میل عبور
- سالیج مارکیٹ میں پیش قدمی
- مکئی کی کاشت پر بھرپور توجہ اور فروغ
- مٹر کی دو نئی ورائٹی کلائمکس اور گرین کراس کا اجراء
- ملک بھر میں 80,000 کاشتکاروں سے ملاقاتیں
- 3 نئے یورپی پرنسپلز سے رابطے




















لائف سائنسز

ہمقدم
Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics /